غیر رسمی طریقہ تدریس

رہ نُمائے اساتذہ

# اُردو

پیکیج ای (جماعت ہشتم)

نظامت برائے خواندگی و غیر رسمی تعلیم
نظامت برائے نصاب، جائزہ و تحقیق
شعبہ تعلیم و خواندگی، حکومتِ سندھ

غیر رسمی طریقہ تدریس

رہ نُمائے اساتذہ

# اُردو

(جماعت ہشتم)

(پیکج ای)

نظامت برائے خواندگی و غیر رسمی تعلیم
نظامت برائے نصاب، جائزہ و تحقیق
شعبہ تعلیم و خواندگی، حکومتِ سندھ

جملہ حقوق نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم حکومت سندھ محفوظ ہیں

یہ تدریسی مواد غیر رسمی بنیادی اسکولوں کے طلبہ و طالبات کی تعلیمی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت سندھ کے منظور شدہ نصاب کے مطابق بنایا گیا ہے۔ اس سلسلے میں نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم حکومت سندھ آپ کی آراء اور تجاویز کو مزید بہتری کے لئے استعمال کیا جائے گا۔

## مصنفین و مؤلفین و مدیران


1۔ سید مسرت حسین رضوی (ریٹائرڈ ڈپٹی ڈائریکٹر سندھ) — صوبائی جائزہ کمیٹی برائے کتاب و نصاب
بیورو آف کریکولم اینڈ ایکسٹینشن وِنگ سندھ جامشورو

2۔ محمد ناظم علی خان ماتلوی (ریٹائرڈ ماہر مضمون)
سندھ ٹیکسٹ بُک بورڈ جامشورو

3۔ محمد وسیم مغل (اسٹیٹ پروفیسر اُردو)
گورنمنٹ ایلیمنٹری کالج آف ایجوکیشن مین میرپورخاص



نگران اعلیٰ: ڈائریکٹر (نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم حکومت سندھ)

نگران طباعت: عابد گِل، مس چی ہو اوہاشی (JICA-AQAL پروجیکٹ)

تکنیکی معاونت: محمد یونس (JICA-AQAL پروجیکٹ)

سہولت کار: پریم ساگر (JICA-AQAL پروجیکٹ)

لے آؤٹ ڈیزائننگ:

تکنیکی و مالی معاونت: JICA-AQAL پروجیکٹ UNICEF سندھ

# پیغام

خیر اندیش
سیکرٹری محکمہ تعلیم وخواندگی
حکومتِ سندھ

# پیش لفظ

خیر اندیش
ڈائریکٹر نظامت خواندگی وغیر رسمی تعلیم
حکومتِ سندھ

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | حمد نظم | |
| ۲ | رواداری | |
| ۳ | نعت نظم | |
| ۴ | قومی پرچم | |
| ۵ | سندھ کی تاریخی عمارتیں | |
| ۶ | بجلی کی آپ بیتی | |
| ۷ | بارش کا پہلا قطرہ نظم | |
| ۸ | تن درستی ہزار نعمت ہے | |
| ۹ | قومی اور علاقائی رسم و رواج | |
| ۱۰ | ایک ہے سب کی منزل نظم | |
| ۱۱ | کرکٹ | |
| ۱۲ | قدرتی آفات | |
| ۱۳ | میر معصوم شاہ بکھری | |
| ۱۴ | مورڑو اور مگرمچھ | |
| ۱۵ | سفر ہو رہا ہے نظم | |
| ۱۶ | دریا کی سیر | |
| ۱۷ | فرہنگ | |

سبق نمبر ا

# حمد (نظم)

خدا نے ہے پورب سے سورج نکالا
جو دم بھر میں کرتا ہے گھر گھر اُجالا

اُسی نے یہ جگمگ ستارے بنائے
چراغاں کے ہم کو تماشے دکھائے

پہاڑ ایسے اونچے جو سیدھے کھڑے ہیں
یہ سارے خدا ہی نے پیدا کیے ہیں

بڑے پاٹ کے اس نے دریا بنائے
پہاڑوں سے جنگل میں لا کر بہائے

چمن میں کھلا ئے ہیں پھول اس نے کیا کیا
جنھیں دیکھ کر روح ہوتی ہے تازہ

پرندے ہیں پیدا کیے چہچہاتے
جو دن بھر میں ہیں صدائیں سناتے

یہ سب چیزیں اس کی بنائی ہوئی ہیں
اسی کے بنائے ہوئے تم ہو اور میں

کریں شکر ہم آؤ مل کر خدا کا
کہ ہے وہ بڑا اور سب کا ہے داتا

(جگندر سنگھ)

ماخذ گلبانگ وحدت
نور احمد میرٹھی

حاصلاتِ تعلّم: اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

U1Eb101 کہانی نظم، معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔

U1Eb103 مواد (نظم و نثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجرباتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

U3Eb201 نظم و نثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔

U3Eb202 نظم و نثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی سے منسلک کر سکیں۔

U4Eb101 نثر پارے یا نظم کو اپنے الفاظ میں لکھ سکیں۔

U4Eb106 نثر نظم کی تشریح و تخلیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجویز لکھ سکیں۔

## بنیادی تصورات:

1۔ اس دنیا کا خالق و مالک اللہ تعالیٰ ہے۔

2۔ حمد کی تعریف بیان کرنا۔

3۔ اللہ تعالیٰ کی عظمت اور بڑائی کا اعتراف کرنا۔

4۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا۔

5۔ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزیں بیان کرنا اور لکھنا۔

## تدریسی معاونات:

کتاب۔ تختہ تحریر۔ گلوب چارٹ تصاویر (قدرتی مناظر)، حمد میں دیئے گئے الفاظ کے فلیش کارڈ

## طریقہ تدریس:

طلبہ و طالبات کو ایک حمد سنائی جائے گی۔

## تمہیدی سوالات:

سوال: حمد سنا کر پوچھا جائے اس نظم میں کس کی تعریف بیان کی گئی ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی۔

سوال: جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

جواب: ایسی نظم کو حمد کہتے ہیں۔

آج ہم کتاب میں دی ہوئی ایک حمد پڑھیں گے۔ صفحہ نمبر ________________ کھو لیے۔

## پہلا قدم (مثال بلند خوانی):

ٹیچر بلند آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب و لہجے سے نظم کی بلند خوانی کریں کہ ہر لفظ کا تلفظ واضح ہو۔

## دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):

ٹیچر فرداً فرداً طلبہ / طالبات سے نظم کی بلند خوانی کروائیں۔

## تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں تختۂ تحریر پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔ درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

پورب۔ جگمگ۔ چراغاں۔ اونچے۔ پرندے۔ جنگل

## چوتھا قدم (تفہیمِ اشعار):

1۔ سورج کس سمت سے نکلتا ہوا نظر آتا ہے؟

2۔ سورج دن بھر کیا کام کرتا ہے؟

3۔ جگمگاتے ستارے کس نے بنائے ہیں؟

4۔ جب ستارے چمکتے ہیں تو کیسا لگتا ہے؟

5۔ پہاڑ زمین پر کس طرح کھڑے ہیں؟

6۔ لمبے چوڑے دریا کس نے بنائے ہیں؟

7۔ پہاڑوں سے جنگل میں لا کر بہانے کا کیا مطلب ہے؟

8۔ باغ میں رنگ رنگ کے پھول کون کھلاتا ہے؟

9۔ رنگ رنگ کے پھول دیکھ کر کیا ہوتا ہے؟

10۔ پرندے دن بھر کیا کرتے ہیں؟

11۔ ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟

12۔ ہمیں کس کا شکر ادا کرنا چاہیے؟

## لسانی سرگرمیاں:

**سرگرمی نمبر1:۔** طلبہ / طالبات کے گروپ بنا کر نظم اجتماعی طور پر ترنم سے پڑھوائیں۔

**سرگرمی نمبر2:۔** ہم وزن / ہم آواز الفاظ بنوائیے۔ جیسے: کِھلائے۔ دِکھائے۔ سِکھائے۔

**سرگرمی نمبر3:۔** طلبہ / طالبات سے باری باری حمد کی تعریف پوچھی جائے۔

**سرگرمی نمبر4:۔** طلبہ / طالبات سے کہیں کہ وہ دس ایسی چیزوں کے نام لکھیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے۔

**سرگرمی نمبر5:۔** چند طلبہ / طالبات سے کہا جائے کہ وہ ایسی اشیاء کی فہرست بنائیں جنہیں انسان نے بنایا ہے۔

**سرگرمی نمبر6:۔** طلبہ / طالبات سے کہا جائے کہ وہ کوئی اور حمد اپنی کاپی میں لکھیں۔

**سرگرمی نمبر7:۔** طلبہ / طالبات سے کہا جائے کہ وہ ادبی ڈائری بنائیں اور اس میں اپنی پسندیدہ نظمیں لکھیں۔

**سرگرمی نمبر8:۔** چند طلبہ / طالبات سے اللہ اکبر کوش خط لکھوایا جائے۔

**سرگرمی نمبر9:۔** چند طلبہ / طالبات سے سبحان اللہ خوش خط لکھوایا جائے۔

**سرگرمی نمبر10:۔** طلبہ / طالبات سے اللہ تعالیٰ کے ناموں کے فلیش کارڈ تیار کروائے جائیں۔

## سرگرمی:۔

سبق کے آخر میں دی ہوئی مشق حل کروائی جائے۔ ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔

## سرگرمی نمبر1:۔ املا لکھوائیے:

پورب۔ چراغاں۔ پہاڑوں۔ جنگل۔ چہچہاتے۔ صدائیں۔ اونچے۔ سیدھے۔ شکر

## سرگرمی نمبر2:۔

دیئے گئے خانوں میں تیر کا نشان لگوا کر مصرعے مکمل کروائیں۔

| 1 | 2 |
|---|---|
| خدا نے ہے پورب سے | جو سیدھے کھڑے ہیں |

| | |
|---|---|
| جنہیں دیکھ کر | اس نے دریا بنائے |
| جو دن بھر ہیں | تماشے دکھائے |
| چراغاں کے ہم کو | آؤ مل کر خدا کا |
| کریں شکر ہم | میٹھی صدائیں سناتے |
| بڑے ہاٹ کے | روح ہوتی ہے تازہ |
| پہاڑ ایسے اونچے | سورج نکالا |

## سرگرمی نمبر3:۔

نظم کے مطابق درست جواب پر یہ (✓) نشان لگائیے۔

1۔ پرندے اللہ تعالیٰ کی قدرت سے:

(الف) مہکتے ہیں (ب) لہلہاتے ہیں (ج) جگمگاتے ہیں (د) چہچہاتے ہیں

2۔ خدا نے سورج نکالا:

(الف) شمال (ب) جنوب (ج) مشرق (د) مغرب

3۔ دریا نکلتے ہیں:

(الف) جنگل (ب) پہاڑ (ج) ریگستان (د) میدان

4۔ رنگ رنگ کے پھول دیکھ کر تازہ ہوتی ہے۔

(الف) کیاری (ب) دنیا (ج) روح (د) ہوا

5۔ جنگل سے حاصل کرتے ہیں۔

(الف) کپڑے (ب) کاغذ (ج) اناج (د) لکڑی

سبق نمبر ۲

# رواداری

حاصلاتِ تعلّم: اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

U1Eb101 کہانی، نظم، مکالمہ، ڈراما، خبر، ہدایت، اعلان اور معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔

U1Eb103 مواد (نظم و نثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجزیاتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

U3Eb101 سماجی اور پیشہ ورانہ موضوعات پر مبنی تحریریں پڑھ کر تفہیم و تجزیہ کر سکیں۔

U3Eb102 مجوزہ عبارت پڑھتے ہوئے اپنے روزمرہ زندگی کے مشاہدات و تجربات کی روشنی میں سمجھ سکیں۔

U3Eb201 نظم و نثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔

U3Eb202 نظم و نثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے ساتھ منسلک کر سکیں۔

U4Eb101 نثر پارے یا نظم کو اپنے انداز میں لکھ سکیں۔

U4Eb104 کسی بھی عام متن پر سوالات کے جوابات تحریر کر سکیں۔

U4Eb106 نظم اور نثر کی تشریح اور تلخیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجاویز لکھ سکیں۔

U6Eb102 محاورات اور ضرب الامثال کا استعمال کر سکے۔

## بنیادی تصورات:

1۔ رواداری اور برداشت
2۔ عفو درگزر
3۔ مل جل کر رہنا
4۔ دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنا۔

## تدریسی معاونات:

درسی کتاب، تختہ تحریر، عرب کا نقشہ، فلیش کارڈ، تصاویر

## طریقہ تدریس:

## تمہیدی سوالات:

1۔ ہمارے معاشرے میں کون کون سی برائیاں ہیں؟
2۔ ان برائیوں کو کس طرح ختم کیا جا سکتا ہے؟
3۔ اسلام سے قبل عربوں کی کیا حالت تھی؟

آج ہم ایک سبق پڑھیں گے جس میں معاشرتی برائیوں کو روکنے کے لئے رواداری برداشت اور عفو درگزر سے کام لینا سکھایا گیا ہے۔ صفحہ نمبر ________________ کھولیے۔

**پہلا قدم (مثالی بلند خوانی):**

ٹیچر مناسب آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب و لہجے سے نظم کی بلند خوانی کریں۔

**دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):**

ٹیچر فرداً فرداً طلبہ / طالبات سے سبق کے مختلف پیراگراف کی بلند خوانی کروائیں۔

**تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):**

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں درست کروائیں اور ضرورت ہو تو تختۂ تحریر پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔

درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

اتحاد۔ اتفاق۔ نسل۔ مکہ۔ مزاج پُرسی۔ حقوق

**چوتھا قدم (تفہیم عبارت):**

1۔ اسلام سے قبل عربوں کی کیا حالت تھی؟

2۔ عرب معاشرے میں عورت کا کیا مقام تھا؟

3۔ دولت مند ضرورت مندوں کو ادھار کس طرح دیتے تھے؟

4۔ لوگوں کا سکون کس وجہ سے غارت ہو گیا تھا؟

5۔ وہاں کن باتوں نے قومی اتحاد کو پارہ پارہ کر دیا تھا؟

6۔ موجودہ دور کے انسانوں میں کیا برائیاں ہیں؟

7۔ آج انسان کو کس چیز کی سخت ضرورت ہے؟

8۔ اسلام نے ہمیں کیا پیغام دیا ہے؟

9۔ ہمارے پیارے نبیؐ نے کس طرح لوگوں کو برداشت اور رواداری کی تعلیم دی؟

10۔ طائف کے سفر میں پتھر برسانے والوں کے لئے آپؐ نے کیا کیا؟

11۔ دعوت اسلام کے بعد اکثر لوگ آپؐ کے ساتھ کیسا سلوک کرتے تھے؟

12۔ کوڑا پھینکنے والی بوڑھی عورت کس وجہ سے مسلمان ہو گئی؟

13۔ فتح مکہ کے بعد حضور اکرمؐ نے دشمنوں کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

14۔ ہمیں کس کی سیرت طیبہ پر عمل کرنا چاہیے؟

15۔ ہمیں کس بات کا خیال رکھنا چاہیے؟

**لسانی سرگرمیاں:**

**سرگرمی نمبر1:۔** طلبہ / طالبات کے گروپ بنا کر ہر گروپ کو ایک پیراگراف کی بلند خوانی کرنے کو کہا جائے اور بعد میں وہ اس پیراگراف کی تفہیم کرتے ہوئے اپنے الفاظ میں مفہوم پیش کریں۔

**سرگرمی نمبر2:۔** اسلام سے قبل عرب کے لوگوں کی حالت پر بچے 3 سے 4 منٹ کی تقریر کریں۔

**سرگرمی نمبر3:۔** طلبہ / طالبات سے سبق میں موجود اسم نکرہ تلاش کروائیں۔ اور وہ انہیں اپنی کاپیوں میں لکھیں۔

**سرگرمی نمبر4:۔** اسلام سے قبل عرب میں موجود برائیوں کی فہرست چارٹ کی شکل میں طلبہ / طالبات سے تیار کروائیے۔

ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔

## سرگرمی نمبر1:۔

خوش خط لکھوائیے: کوڑاکرکٹ۔ مخالف۔ ناراض۔ مزاج پرسی۔ فرض۔

## سرگرمی نمبر2:۔

طلبہ / طالبات سے الفاظ کے معنی معلوم کیے جائیں۔

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| انصاف | |
| حسد | |
| رواداری | |
| بددعا | |
| بدزبانی | |

## سرگرمی نمبر3:۔

طلبہ / طالبات سے واح الفاظ کی جمع بنوائیے۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| حق | |
| بلی | |
| انسان | |
| قوم | |
| پیغام | |

## سرگرمی نمبر4:۔

درج ذیل الفاظ کے متضاد / ضد لکھوائیے۔

| الفاظ | متضاد/ضد |
|---|---|
| مخالف | |
| حق | |

| | |
|---|---|
| حسد | |
| اتفاق | |
| عورت | |

## سرگرمی نمبر5:۔

ہمارے پیارے نبیؐ نے رواداری اور برداشت کا مظاہرہ کس طرح کیا ایک یا دو مثالیں طلبہ / طالبات سے لکھوائیے۔

## سرگرمی نمبر6:۔

درست جواب پر یہ نشان (✓) لگوائیے:

1۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم دوسروں کے ______________ کا خیال رکھیں۔

(الف) فرائض (ب) حقوق (ج) نظریات (د) مرتبے

2۔ ہمارے پیارے نبیؐ پر لوگوں نے پتھر مارے۔

(الف) مدینے میں (ب) مکے میں (ج) جدہ میں (د) طائف میں

3۔ ہمارے پیارے نبیؐ نے بدلہ لینے کی بجائے رواداری سے کام لیا۔

(الف) فتح احد کے بعد (ب) فتح بدر کے بعد

(ج) فتح خیبر کے بعد (د) فتح مکہ کے بعد

4۔ اسلام سے قبل عرب کے طاقت ور لوگ کمزوروں کو ______________

(الف) پڑھاتے تھے (ب) غلام بنا لیتے تھے

(ج) تجارت میں شریک کرتے تھے (د) انعام دیتے تھے

5۔ شریر لڑکے ہمارے پیارے نبیؐ کے سامنے ______________

(الف) تعریف کرتے تھے (ب) بدزبانی کرتے تھے

(ج) دعائیں دیتے تھے (د) بددُعا دیتے تھے

سبق نمبر ۳

# نعت (نظم)

ہمارے نبیؐ پر ہوں لاکھوں سلام

نہ کیوں جان و دل سے ہوں پیارے نبیؐ
حبیب خدا ہیں ہمارے نبیؐ
ہے مقتدی ان کے سارے نبیؐ
ہوئی آپؐ پر ہی نبوت تمام

ہمارے نبیؐ پر ہوں لاکھوں سلام

وہ آئے تو بچھڑے ہوئے مل گئے
خوشی سے دِلوں کے کنول کھل گئے
غلط کہنے والوں کے لب سل گئے
سُنایا انہوں نے جورب کا کلام

ہمارے نبیؐ پر ہوں لاکھوں سلام

جو ظالم تھے وہ رحم کرنے لگے
بُرے دم بھلائی کا بھرنے لگے
جو کافر تھے وہ حق پہ مرنے لگے
سُنا جب اُنہوں نے خدا کا پیام

ہمارے نبیؐ پر ہوں لاکھوں سلام

ہمیں جو بھی اللہ کی نعمت ملی
جو یہ عظمت و شان و شوکت ملی
حقیقت میں ان کی یہ دولت ملی
نہ کیوں ان کا ہم سب کو پیارا ہو نام

ہمارے نبیؐ پر ہوں لاکھوں سلام

عنایت ملی خان نونکی

حاصلاتِ تعلّم: اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

U1Eb101 کہانی، نظم اور معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔

U1Eb103 مواد (نظم و نثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجزیاتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

U3Eb201 نظم و نثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔

U3Eb202 نظم و نثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی سے منسلک کر سکیں۔

U4Eb101 نثر پارے یا نظم کو اپنے انداز میں لکھ سکیں۔

U4Eb106 نظم اور نثر کی تشریح اور تلخیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجاویز لکھ سکیں۔

## بنیادی تصورات:

1۔ حضرت محمدؐ اللہ کے بندے ہیں۔
2۔ ہمارے پیارے نبیؐ اللہ کے آخری رسولؐ ہیں۔
3۔ ہمارے پیارے نبیؐ رحمت اللعالمین ہیں۔
4۔ اللہ تعالیٰ کے آخری رسولؐ کی سیرت طیبہ۔

## تدریسی معاونات:

کتاب، تختۂ تحریر، الفاظ کے فلیش کارڈ۔ روضہ رسولؐ۔ مسجد نبویؐ

## طریقہ تدریس:

## تمہیدی سوالات:

1۔ کوئی اور نعت سنا کر پوچھا جائے اس میں کس کی تعریف بیان کی گئی ہے؟

2۔ جس نظم میں ہمارے پیارے نبیؐ کی تعریف بیان کی جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

3۔ ہمارے پیارے نبیؐ کا نام لیا جائے تو ہمیں کیا پڑھنا چاہیے؟

آج ہم ایک نعتؐ پڑھیں گے جس میں ہمارے پیارے نبیؐ کی سیرت طیبہ بیان کی گئی ہے۔

صفحہ نمبر ________ کھولیے۔

## پہلا قدم (مثال بلند خوانی):

ٹیچر مناسب آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب و لہجے سے نظم کی بلند خوانی کریں۔

## دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):

ٹیچر فرداً فرداً طلبہ / طالبات سے سبق کے مختلف پیراگراف کی بلند خوانی کروائیں۔

## تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں درست کروائیں اور ضرورت ہو تو تختۂ تحریر

پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔ درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

مقتدی۔ نبوت۔ غلط۔ بچھڑے۔ کنول

## چوتھا قدم (تفہیم اشعار):

1۔ ہم اپنے پیارے نبیؐ سے جان و دل سے کیوں پیار کرتے ہیں؟

2۔ حبیب خدا کا کیا مطلب ہے؟ 3۔ مقتدی سے کیا مراد ہے؟

4۔ اللہ کے آخری نبیؐ کا کیا نام ہے؟ 5۔ رب کا کلام ہمارے پاس کس صورت میں موجود ہے؟

6۔ ہمارے پیارے نبیؐ جب دنیا میں تشریف لائے تو کیا واقعات رُونما ہوئے؟

7۔ ہمیں اللہ کی نعمتیں، عظمت، شان و شوکت، کس کی بہ دولت ملی؟

8۔ ظالم، برے لوگ اور کافر کیا سن کر بدل گئے؟

## لسانی سرگرمیاں:

**سرگرمی نمبر1:۔** اس نعتؐ کو اجتماعی طور پر پڑھوایا جائے۔

**سرگرمی نمبر2:۔** ہم وزن الفاظ بنوائے جائیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| سارے | تارے | ہارے | مارے |
| سُنا | چُنا | بُنا | گُنا |
| ظالم | نادم | خادم | عالم |

**سرگرمی نمبر3:۔** نعت خوانی کا مقابلہ کروائیں۔

**سرگرمی نمبر4:۔** جو طلبہ / طالبات بہترین نعت خواں ہیں وہ دوسروں کو نعت خوانی سکھائیں۔

**سرگرمی نمبر5:۔** کمرہ جماعت میں محفل میلادؐ منعقد کروائی جائے۔

**سرگرمی نمبر6:۔** طلبہ / طالبات مسجد نبویؐ اور روضہ رسولؐ کی تصاویر کا البم تیار کریں۔

**سرگرمی نمبر7:۔** ٹیچر علاقے کے اچھے نعت خوانوں کو کمرہ جماعت میں بلائیں اور طلبہ / طالبات ان کا کلام غور سے سنیں۔

**سرگرمی نمبر8:۔** سبق کے آخر میں دی ہوئی مشق حل کروائی جائے۔

ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔

### سرگرمی نمبر1:۔

خوش خط لکھوائیں: خوشی۔ بچھڑے۔ پیام۔ غلط۔ بھلائی

### سرگرمی نمبر2:۔

املا لکھوائیں: ظالم۔ نعمت۔ عظمت۔ رحم۔ حقیقت

## سرگرمی نمبر3:۔

درج ذیل شعر کو سادہ نثر میں لکھوائیے:

ہمیں جو بھی اللہ کی نعمت ملی　　　　جو یہ عظمت و شان و شوکت ملی

حقیقت میں ان کی بہ دولت ملی　　　　نہ کیوں ان کا ہم سب کو پیارا ہو نام

ہمارے نبیؐ پر درود و سلام

---

---

---

---

---

## سرگرمی نمبر4:۔

مذکر سے مؤنث بنوائیے:

| مذکر | مؤنث |
|---|---|
| طلبہ | |
| استاد | |
| سنار | |
| درزی | |
| گوالا | |

## سرگرمی نمبر5:۔

درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھوائیے:

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| صبح | |
| دن | |
| روشن | |
| تن درستی | |
| غلام | |

## سرگرمی نمبر6:۔

درست جواب پر یہ نشان (✓) لگوائیے:

1۔ وہ آئے تو بچھڑے ہوئے ____________ گئے۔

(الف) ہِل (ب) سِل (ج) مِل (د) کھِل

2۔ جو کافر تھے وہ ____________ پہ مرنے لگے۔

(الف) باطل (ب) حق (ج) دولت (د) اقتدار

3۔ جو ظالم تھے وہ ____________ کرنے لگے۔

(الف) رشک (ب) حسد (ج) رحم (د) ضد

4۔ ہمیں جو بھی اللہ کی ____________ ملی۔

(الف) شوکت (ب) عظمت (ج) رحمت (د) نعمت

5۔ خدا کے حبیب ہیں۔

(الف) حضرت نوحؑ (ب) حضرت موسیٰؑ (ج) حضرت محمدؐ (د) حضرت عیسیٰؑ

سبق نمبر ۴

# قومی پرچم

**حاصلاتِ تعلّم:** اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

U1Eb101 کہانی، نظم، مکالمہ، ڈراما، خبر، ہدایت، اعلان اور معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔

U1Eb103 مواد (نظم و نثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجزیاتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

U3Eb101 سماجی اور پیشہ ورانہ موضوعات پر مبنی تحریریں پڑھ کر تفہیم و تجزیہ کر سکیں۔

U3Eb102 مجوزہ عبارت پڑھتے ہوئے اپنے روزمرہ زندگی کے مشاہدات و تجربات کی روشنی میں سمجھ سکیں۔

U3Eb201 نظم و نثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔

U3Eb202 نظم و نثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے ساتھ منسلک کر سکیں۔

U4Eb101 نثر پارے یا نظم کو اپنے انداز میں لکھ سکیں۔

U4Eb104 کسی بھی عام متن پر سوالات کے جوابات تحریر کر سکیں۔

U4Eb106 نظم اور نثر کی تشریح اور تلخیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجاویز لکھ سکیں۔

U2Eb101 درسی و سماجی موضوعات پر موزوں زبان میں درست تلفظ لب و لہجے، اتار چڑھاؤ، روانی اور ضروری وقفوں کے ساتھ سامعین کے سامنے 4 سے 5 منٹ کی تقریر کر سکیں۔

U1Eb102 مختلف ذرائع ابلاغ سے پروگرام سن کر معلومات کی تفہیم کرتے ہوئے ان سے متعلق تفہیمی اطلاقی اور تجرباتی سوالوں کے جواب مع رائے دے سکیں۔

## بنیادی تصورات:

1۔ قومی پرچم کا تعارف 2۔ قومی پرچم کی اہمیت اور احترام 3۔ قومی پرچم تیار کرنے والے کا نام

## تدریسی معاونات:

کتاب، تختہ تحریر، پاکستان کا نقشہ، قومی پرچم کی تصویر اور ماڈل

## طریقہ تدریس:

## تمہیدی سوالات:

1۔ یہ کس ملک کا نقشہ ہے؟

جواب: پاکستان کا۔

2۔ یہ کس ملک کا پرچم ہے؟

جواب: پاکستان کا۔

3۔ پاکستان کا قومی پرچم کس نے تیار کیا؟

جواب: جواب نہ ملنے کی صورت میں ٹیچر کہیں گے۔

آج ہم ایک سبق پڑھیں گے جس میں قومی پرچم کے بارے میں اہم باتیں بیان کی گئی ہیں۔

کتاب کا صفحہ نمبر ______________ کھولیے۔

**پہلا قدم (مثالی بلند خوانی):**

ٹیچر مناسب آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب و لہجے سے سبق کی بلند خوانی کریں۔

**دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):**

ٹیچر فرداً فرداً طلبہ / طالبات سے سبق کے مختلف پیراگراف کی بلند خوانی کروائیں۔

**تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):**

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں درست کروائیں اور ضرورت ہو تو تختۂ تحریر پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔ درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

تعلق۔ دفاع۔ اقلیت۔ سالمیت۔ ہلال۔ ترقی۔ فریضہ

**چوتھا قدم (تفہیم عبارت):**

1۔ کپڑے کے ٹکڑے سے قومی پرچم کس طرح بنایا جاتا ہے؟

2۔ ہم قومی پرچم کو اتنی اہمیت کیوں دیتے ہیں؟

3۔ ہمارا قومی پرچم کس نے تیار کیا؟

4۔ ہمارے قومی پرچم کے سبز اور سفید رنگ کیا ظاہر کرتے ہیں؟

5۔ ہمارے ملک پاکستان کا قومی پرچم کب بنا؟

6۔ ہمارے قومی پرچم پر چاند تارا کیوں بنایا گیا؟

7۔ قومی پرچم کس وقت لہرایا جاتا ہے؟

8۔ وہ کون سی عمارت ہے جس پر قومی پرچم دن رات لہراتا ہے؟

9۔ قومی پرچم کس وقت اتارا جاتا ہے؟

10۔ سب سے پہلے کس شخص نے دوسرے ملک میں ہمارا قومی پرچم لہرایا؟

11۔ ہمیں قومی پرچم کا احترام کس طرح کرنا چاہیے؟

**لسانی سرگرمیاں:**

**سرگرمی نمبر1:۔** طلبہ / طالبات کے گروپ بنا کر ہر گروپ کو ایک پیراگراف کی بلند خوانی کرنے کو کہا جائے اور بعد میں وہ اس پیراگراف کی تفہیم کرتے ہوئے اپنے الفاظ میں مفہوم پیش کریں۔

**سرگرمی نمبر2:۔** ایک کاغذ پر قومی پرچم بنایئے اور اس کے اوپر پاکستانی پرچم لکھیے:

**سرگرمی نمبر3:۔** درج ذیل الفاظ کے جملے بنوایئے۔

قوم۔ حقوق۔ اہمیت۔ تارے۔ شہر۔ ملک

**سرگرمی نمبر4:۔** درج ذیل الفاظ کی ضد / متضاد لکھوایئے۔

سیاہ۔ حق۔ طلوع۔ اونچا۔ روشنی۔ سوال

**سرگرمی نمبر5:۔** بچے قومی پرچم ہاتھ میں لے کر قومی نغمہ پڑھیں۔ ٹیچر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**سرگرمی نمبر6:۔** درج ذیل الفاظ کے مذکر مؤنث لکھوایئے:

مور۔ بوڑھا۔ لنگڑا۔ اندھا۔ دیوانہ

ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔

## سرگرمی نمبر1:۔

املا لکھوایئے: اہمیت۔ اعزاز۔ سالمیت۔ اجلاس۔ ضمانت۔ ضامن

## سرگرمی نمبر2:۔

خوش خط لکھوایئے: دفاع۔ مساوات۔ ڈیزائن۔ چوتھائی۔ سبز

## سرگرمی نمبر3:۔

واحد سے جمع بنوایئے:

| واحد | جمع |
|---|---|
| ہنر | |
| اثر | |
| خبر | |
| شجر | |
| فکر | |
| عمل | |

## سرگرمی نمبر4:۔

جملے بنوایئے:

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| سبز | |

| | |
|---|---|
| سفید | |
| اکثریت | |
| حقوق | |
| غلامی | |

## سرگرمی نمبر5:۔

درج ذیل الفاظ کے مترادف / ہم معنی الفاظ لکھوایئے:

| مترادف | ہم معنی الفاظ |
|---|---|
| صحت مند | |
| تنگ دست | |
| مفلس | |
| کالا | |
| غریب | |

## سرگرمی نمبر6:۔

درست جواب پر یہ نشان () لگوایئے:

1۔ قومی پرچم کا سفید حصہ نمائندگی کرتا ہے۔

(الف) غیر ملکیوں کی (ب) اقلیت کی (ج) مسلمانوں کی (د) خوشحالی کی

2۔ قومی پرچم کو دستوریہ کی منظوری کے لئے پیش کیا۔

(الف) علامہ محمد اقبال (ب) قائداعظم محمد علی جناح

(ج) لیاقت علی خان (د) سردار عبدالرب نشتر

3۔ پرچم پر موجود ________________ ہماری ترقی کی علامت ہے۔

(الف) ستارا (ب) ہلال (ج) سبز رنگ (د) سفید رنگ

4۔ سب سے پہلے غیر ملک میں پرچم لہرانے والے تھے۔

(الف) محمد عظیم (ب) راجاصاحب محمود آباد (ج) محمد اقبال قریشی (د) غلام عباس

5۔ قومی پرچم رات کو بھی لہراتا ہے۔

(الف) قومی اسمبلی (ب) مزارِ اقبال (ج) پارلیمنٹ ہاؤس (د) مزارِ قائداعظم

# سندھ کی تاریخی عمارتیں

سبق نمبر ۵

حاصلاتِ تعلّم: اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

U1Eb101 کہانی، نظم، مکالمہ، ڈراما، خبر، ہدایت، اعلان اور معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔

U1Eb103 مواد (نظم و نثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجزیاتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

U3Eb101 سماجی اور پیشہ ورانہ موضوعات پر مبنی تحریریں پڑھ کر تفہیم و تجزیہ کر سکیں۔

U3Eb102 مجوزہ عبارت پڑھتے ہوئے اپنے روزمرہ زندگی کے مشاہدات و تجربات کی روشنی میں سمجھ سکیں۔

U3Eb201 نظم و نثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔

U3Eb202 نظم و نثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے ساتھ منسلک کر سکیں۔

U4Eb101 نثر پارے یا نظم کو اپنے انداز میں لکھ سکیں۔

U4Eb104 کسی بھی عام متن پر سوالات کے جوابات تحریر کر سکیں۔

U4Eb106 نظم اور نثر کی تشریح اور تلخیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجاویز لکھ سکیں۔

U6Eb102 محاورات اور ضرب الامثال کا استعمال کر سکے۔

U4Eb108 مختلف سماجی و پیشہ ورانہ موضوعات پر مواد / متن پڑھ کر اپنی تنقیدی رائے دے سکیں۔

## بنیادی تصورات:

1۔ تاریخی عمارتوں کی اہمیت
2۔ سندھ کی تاریخی عمارتوں سے آگہی
3۔ تاریخی عمارتوں سے متعلق معلومات
4۔ تاریخی عمارتیں دیکھنے کا شوق

## تدریسی معاونات:

کتاب، تختہ تحریر، سندھ کی تاریخی عمارتوں کی تصاویر

## طریقہ تدریس:

## تمہیدی سوالات:

1۔ شاہ فیصل مسجد کہاں ہے؟

جواب: اسلام آباد میں۔

2۔ بادشاہی مسجد کہاں ہے؟

جواب: لاہور میں۔

3۔ شاہ جہانی مسجد کہاں ہے؟

جواب: ممکنہ جواب ضلع ٹھٹھہ میں۔

آج ہم ایک سبق پڑھیں گے جس میں صوبہ سندھ کے تاریخی مقامات اور عمارتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔

کتاب کا صفحہ نمبر ____________ کھولیے۔

## پہلا قدم (مثالی بلند خوانی):

ٹیچر مناسب آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب و لہجے سے سبق کی بلند خوانی کریں۔

## دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):

ٹیچر فرداًفرداًطلبہ / طالبات سے سبق کے مختلف پیرا گراف کی بلند خوانی کروائیں۔

## تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں درست کروائیں اور ضرورت ہو تو تختۂ تحریر پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔

درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

قدیم۔ دفن۔ پختہ۔ تعمیر۔ عکاسی۔ مقبرے۔ فانوس

## چوتھا قدم (تفہیم عبارت):

1۔ صوبہ سندھ کی تاریخ کس وجہ سے بہت قدیم ہے؟

2۔ موہنجوڈرو کب اور کس نے دریافت کیا؟

3۔ موہنجوڈرو سے کیا کیا چیزیں حاصل ہوئیں؟

4۔ موہنجوڈرو کی سڑکیں کیسی تھیں؟

5۔ گندے پانی کی نکاسی کے لئے کیا انتظام تھا؟

6۔ عجائب گھر کس کے تعاون سے بنا؟

7۔ فیض محل کب اور کس نے بنوایا؟

8۔ خیرپور کے قریب کون سا قلعہ ہے؟

9۔ ضلع عمرکوٹ میں کون سی تاریخی عمارت ہے؟

10۔ مغل شہنشاہ اکبر کس علاقے میں پیدا ہوئے؟

11۔ حیدرآباد کا سندھ میوزیم کس کی بھرپور عکاسی کرتا ہے؟

12۔ شاہ جہانی مسجد کہاں واقع ہے؟

13۔ مسجد کے اوپر بنے ہوئے گنبد کیا کام انجام دیتے ہیں؟

14۔ مکلی کا قبرستان کہاں ہے؟

15۔ مکلی کے قبرستان کی خاص بات کیا ہے؟

16۔ رانی کوٹ کہاں واقع ہے؟

17۔ موہٹا پیلس کس شہر میں ہے؟

18۔ فریئر ہال کس نے بنوایا؟

19۔ 1947ء میں حکومت پاکستان نے موہٹا پیلس کو کس مقصد کے لئے استعمال کیا؟

20۔ مزار میں لگا ہوا فانوس کس ملک نے تحفے میں دیا؟

21۔ قائد اعظم کا مزار کہاں ہے؟

22۔ سندھ ٹورزم ڈویلپمنٹ کارپوریشن کیوں قائم کی گئی؟

## لسانی سرگرمیاں:

**سرگرمی نمبر1:۔** طلبہ / طالبات کے گروپ بنا کر ہر گروپ کو ایک پیراگراف کی بلند خوانی کرنے کو کہا جائے اور بعد میں وہ اس پیراگراف کی تفہیم کرتے ہوئے اپنے الفاظ میں مفہوم پیش کریں۔

**سرگرمی نمبر2:۔** کسی تاریخی عمارت کی تعلیمی سیر کا اہتمام کیا جائے۔

**سرگرمی نمبر3:۔** طلبہ / طالبات سے تاریخی عمارتوں کا البم تیار کروایا جائے۔

**سرگرمی نمبر4:۔** طلبہ / طالبات سے سندھ کی تاریخی عمارتوں اور مقامات کے بارے میں چارٹ تیار کروائے جائیں۔

**سرگرمی نمبر5:۔** سندھ کی تاریخی عمارتوں اور مقامات کے بارے میں کوئز مقابلے کروائے جائیں۔

**سرگرمی نمبر6:۔** طلبہ / طالبات سے سندھ کی مختلف تاریخی عمارتوں اور مقامات کے بارے میں 2 سے 3 منٹ کی تقریر کروائی جائے۔

**سرگرمی نمبر7:۔** ٹیچر طلبہ / طالبات کے چہروں پر سندھ کے تاریخی مقامات کے چہرے (تصاویر) لگوائیں اور وہ تاریخی مقامات کے بارے میں آپ بیتی بیان کریں۔

**سرگرمی نمبر8:۔** طلبہ / طالبات سے ایک چارٹ پر سندھ کے مشہور تاریخی مقامات کے نام خوش خط لکھوائے جائیں۔

ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔

### سرگرمی نمبر1:۔

املا لکھوائیے: ثقافت۔ موہٹا پیلس۔ قبرستان۔ موہنجو دڑو۔ زیورات

### سرگرمی نمبر2:۔

خوش خط لکھوائیے: فیض محل۔ تعمیر۔ عجائب گھر۔ شہنشاہ۔ قلعہ

### سرگرمی نمبر3:۔

کالم الف میں دیئے ہوئے مقامات جس شہر میں ہیں انہیں تیر کی مدد سے ملائیے۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| شاہ جہانی مسجد | کراچی |
| موہنجو دڑو | خیرپور |
| فیض محل | حیدر آباد |
| موہٹا پیلس | لاڑکانہ |

| | |
|---|---|
| سندھ میوزیم | ٹھٹھہ |

## سرگرمی نمبر4:۔

جملے بنوائے جائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| نمونہ | |
| سڑکیں | |
| عجائب گھر | |
| قدیم | |
| قبرستان | |

## سرگرمی نمبر5:۔

درست جواب پر یہ نشان (✓) لگوائیے:

1۔ ضلع ٹھٹھہ کی مشہور عمارت ہے۔

(الف) موہٹا پیلس (ب) فیض محل (ج) شاہ جہانی مسجد (د) فریئر ہال

2۔ سندھ میوزیم واقع ہے۔

(الف) خیر پور (ب) کراچی (ج) حیدر آباد (د) جام شورو

3۔ مغل شہنشاہ اکبر پیدا ہوئے۔

(الف) دہلی (ب) آگرہ (ج) عمر کوٹ (د) ٹھٹھہ

4۔ فیض محل تعمیر کروایا گیا۔

(الف) 1795ء (ب) 1796ء (ج) 1797ء (د) 1798ء

5۔ موہنجو دڑو دریافت کیا۔

(الف) لارڈ ہیوم (ب) سر جان مارشل (ج) لارڈ ماؤنٹ بیٹن (د) فریر

سبق نمبر ٦

# بجلی کی آپ بیتی

حاصلاتِ تعلّم: اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

U1Eb101 کہانی، نظم، مکالمہ، ڈراما، خبر، ہدایت، اعلان اور معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔

U1Eb103 مواد (نظم و نثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجزیاتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

U3Eb101 سماجی اور پیشہ ورانہ موضوعات پر مبنی تحریریں پڑھ کر تفہیم و تجزیہ کر سکیں۔

U3Eb102 مجوزہ عبارت پڑھتے ہوئے اپنے روز مرہ زندگی کے مشاہدات و تجربات کی روشنی میں سمجھ سکیں۔

U3Eb201 نظم و نثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔

U3Eb202 نظم و نثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے ساتھ منسلک کر سکیں۔

U4Eb101 نثر پارے یا نظم کو اپنے انداز میں لکھ سکیں۔

U4Eb104 کسی بھی عام متن پر سوالات کے جوابات تحریر کر سکیں۔

U4Eb106 نظم اور نثر کی تشریح اور تلخیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجاویز لکھ سکیں۔

U4Eb105 مختلف پیشوں، رسم و رواج اور ٹیکنالوجی کے استعمال جیسے موضوعات پر تین سے زائد الفاظ پر مشتمل مضمون لکھ سکے۔

## بنیادی تصورات:

1۔ آپ بیتی کا تعارف
2۔ بجلی کی آپ بیتی سے آگہی
3۔ بجلی کی اہمیت اور ضرورت

## تدریسی معاونات:

کتاب، تختہ تحریر، بجلی گھر کی تصویر، گھروں میں بجلی کے استعمال کی تصاویر، کارخانوں میں بجلی کے استعمال کا چارٹ

## طریقہ تدریس:

## تمہیدی سوالات:

1۔ سائنسدانوں نے ہماری آسانی کے لئے کیا کیا چیزیں ایجاد کی ہیں؟
2۔ آج کی جدید ایجادات کون سی ہیں؟
3۔ ان تمام ایجادات کو استعمال کرنے کے لئے کس چیز کی ضرورت ہوتی ہے۔

آج ہم ایک سبق پڑھیں گے جس میں بجلی نے اپنی آپ بیتی بیان کی ہے۔
کتاب کا صفحہ نمبر ______________ کھولیے۔

### پہلا قدم (مثالی بلند خوانی):

ٹیچر مناسب آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب و لہجے سے سبق کی بلند خوانی کریں۔

### دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):

ٹیچر فرداً فرداً طلبہ / طالبات سے سبق کے مختلف پیراگراف کی بلند خوانی کروائیں۔

### تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں درست کروائیں اور ضرورت ہو تو تختۂ تحریر پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔

درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

انکشاف۔ برقی رو۔ شرارے۔ پیمانے۔ تجارتی۔ ٹیکنالوجی

### چوتھا قدم (تفہیم عبارت):

1۔ آپ بیتی کسے کہتے ہیں؟ (نہ بتانے کی صورت میں ٹیچر خود بتائیں)
2۔ قدرتی طور پر بجلی کہاں رہتی ہے؟
3۔ جب بجلی آسمان سے گرتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟
4۔ بادلوں میں بجلی کی موجودگی کا انکشاف سب سے پہلے کس سائنس دان نے کیا؟
5۔ برق سکونی کس نے دریافت کی؟
6۔ اوٹووان گیور کس نے برق سکونی کی مدد سے کیا بنایا؟
7۔ برقی چارج کس نے دریافت کیا؟
8۔ بادلوں کی گرج چمک کے دوران بنجمن نے کیا تجربہ کیا؟
9۔ برق رواں کو کس نے ثابت کیا؟
10۔ ہیری کیونڈش نے کیا کام انجام دیا؟
11۔ بجلی کا بلب کس نے بنایا؟
12۔ تجارتی پیمانے پر بجلی کس نے تیار کی؟
13۔ موجودہ دور میں بجلی کن چیزوں سے تیار کی جاتی ہے؟
14۔ قدیم زمانے میں لوگ رات کو روشنی اور حرارت کس طرح حاصل کرتے تھے؟

### لسانی سرگرمیاں:

**سرگرمی نمبر1:۔** طلبہ / طالبات کے گروپ بنا کر ہر گروپ کو ایک پیراگراف کی بلند خوانی کرنے کو کہا جائے اور بعد میں وہ اس پیراگراف کی تفہیم کرتے ہوئے اپنے الفاظ میں مفہوم پیش کریں۔

**سرگرمی نمبر2:۔** طلبہ / طالبات بجلی کو موجودہ شکل میں لانے والے سائنس دانوں کا چارٹ تیار کریں۔

**سرگرمی نمبر3:۔** چند طلبہ / طالبات بجلی کی آپ بیتی سنائیں۔

**سرگرمی نمبر4:۔** چند طلبہ / طالبات سے "بجلی کے فائدے" پر 2 سے 3 منٹ کی تقریر کروائیں۔

**سرگرمی نمبر5:۔** چند طلبہ / طالبات سے 2 سے 3 منٹ کی تقریر کروائیں۔ موضوع ہے "اگر بجلی نہ ہوتی"

**سرگرمی نمبر6:۔** چند طلبہ / طالبات سے ریڈیو، سائیکل، الماری، کھانے کی میز، گھڑی فروخت کرنے کی رسیدیں لکھوائیں۔

**سرگرمی نمبر7:۔** طلبہ / طالبات موجدوں اور ان کی ایجادوں کے بارے میں معلومات حاصل کریں اور انہیں اپنی کاپیوں میں لکھ کر لائیں۔

ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔

## سرگرمی نمبر1:۔

املا لکھوایئے: قوت۔ برقِ رواں۔ پتنگ۔ شرارے۔ آلات

## سرگرمی نمبر2:۔

سائنس دانوں کی بنائی ہوئی دس ایجادوں کے نام لکھوایئے۔

## سرگرمی نمبر3:۔

درج ذیل الفاظ کی جمع بنایئے۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| روشنی | |
| لکڑی | |
| بیٹری | |
| پلیٹ | |
| مچھلی | |

## سرگرمی نمبر4:۔

درج ذیل الفاظ کے جملے بنوائے جائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| تجارت | |
| سمندر | |
| سائنس داں | |
| قدیم | |

| | |
|---|---|
| بلب | |

## سرگرمی نمبر5:۔

"بجلی کے فائدے" پر دس جملے لکھوائیے۔

## سرگرمی نمبر6:۔

کالم الف میں دیئے ہوئے سائنسدانوں نے کیا کام انجام دیئے تیر کی مدد سے کالم ب سے ملوائیے۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| نیکولا تھیلا | برقی چارج دریافت کیا |
| فیراڈے | بلب ایجاد کیا |
| ایڈیسن | برق سکونی دریافت کی |
| تھیلز آف ملی ٹس | برق رواں کو ثابت کیا |
| چارلس فرینکولس | تجارتی پیمانے پر بجلی تیار کی |

## سرگرمی نمبر7:۔

درست جواب پر یہ نشان (✓) لگوائیے:

1۔ سمندر کی بعض مچھلیوں میں پائی جاتی ہے۔

(الف) گیس (ب) کاربن مونو آکسائیڈ (ج) بجلی (د) آگ

2۔ بادلوں میں موجود ہے۔

(الف) الیکٹروسٹیٹک جنریٹر (ب) برق سکونی (ج) بلب (د) دھاتی پلیٹ

3۔ الیکٹروسٹیٹک جنریٹر تیار کیا۔

(الف) ایڈیسن (ب) اوٹووان گیورک (ج) رابرٹ بوائل (د) بنجمن

4۔ برقی رو اور قوت کشش کو ثابت کیا۔

(الف) چارلیس فرینکولیس (ب) رابرٹ بوائل (ج) فیراڈے (د) ایڈیسن

5۔ بجلی ایک اہم حصہ ہے۔

(الف) درختوں (ب) توانائی (ج) گیس (د) غذا

سبق نمبر ۷

# بارش کا پہلا قطرہ (نظم)

حاصلاتِ تعلّم: اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

U1Eb101 کہانی، نظم، مکالمہ، ڈراما، خبر، ہدایت، اعلان اور معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔

U1Eb103 مواد (نظم و نثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجزیاتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

U3Eb201 نظم و نثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔

U3Eb202 نظم و نثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے ساتھ منسلک کر سکیں۔

U4Eb101 نثر پارے یا نظم کو اپنے انداز میں لکھ سکیں۔

U4Eb106 نظم اور نثر کی تشریح اور تلخیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجاویز لکھ سکیں۔

## بنیادی تصورات:

1۔ بارش کی اہمیت اور ضرورت
2۔ بارش کے فوائد
3۔ بارش کے پہلے قطرے کی بہادری

## تدریسی معاونات:

کتاب، تختہ تحریر، بارش کا منظر، ہرے بھرے کھیت اور باغات

## طریقہ تدریس:

## تمہیدی سوالات:

1۔ پانی حاصل کرنے کے کون کون سے ذرائع ہیں؟

جواب: سمندر، دریا، نہریں، چشمے، جھیلیں، آبشار، باش، کنویں وغیرہ

2۔ اگر بارش نہ ہو تو کیا ہو گا؟

3۔ بارش کے بعد کیا ہوتا ہے؟

آج ہم ایک نظم پڑھیں گے جس میں بارش کے بارے میں بتایا گیا ہے۔ کتاب کا صفحہ نمبر _______ کھولیے۔

## پہلا قدم (مثالی بلند خوانی):

ٹیچر مناسب آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب و لہجے سے نظم کی بلند خوانی کریں۔

**دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):**

ٹیچر فرداً فرداً طلبہ / طالبات سے نظم کے مختلف پیراگراف کی بلند خوانی کروائیں۔

**تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):**

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں درست کروائیں اور ضرورت ہو تو تختۂ تحریر پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔

درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

دلاور۔ ہمیت۔ کھیت۔ لپکا۔ گھٹا۔ بوند۔ سیر اب

**چوتھا قدم (تفہیم اشعار):**

1۔ بارش ہونے سے پہلے کیا منظر تھا؟

2۔ ہر قطرے کے دل میں کیا خطرہ تھا؟

3۔ ہر قطرہ کیا سوچ رہا تھا؟

4۔ بہادر قطرے میں للکار کر کیا کہ؟

5۔ بہادر قطرے کے زمین پر گرتے ہی کیا ہوا؟

6۔ ایک کے بعد ایک قطرہ گرنے سے کیا ہوا؟

7۔ موسلا دھار بارش سے کیا فائدہ ہوا؟

8۔ یہ نظم کس شاعر کی ہے؟

**لسانی سرگرمیاں:**

**سرگرمی نمبر1:۔** طلبہ / طالبات کے گروپ بنا کر نظم اجتماعی طور پر ترنم سے پڑھوائیں۔

**سرگرمی نمبر2:۔** ہم وزن / ہم آواز الفاظ بنوائیے۔ جیسے راز۔ قاز۔ باز۔ ناز۔ ساز وغیرہ

**سرگرمی نمبر3:۔** خوش خط لکھوائیے۔ قطرہ۔ خطرہ۔ للکارنا۔ زمین۔ بارش

**سرگرمی نمبر4:۔** درج ذیل الفاظ کے جملے بنوائے جائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| موسلا دھار | |
| بہادر | |
| قحط | |
| چمن | |
| غریب | |
| دشوار | |

**سرگرمی نمبر5:۔** ''بارش کا آنکھوں دیکھا حال'' پر دس جملے لکھوائیے۔

**سرگرمی نمبر6:۔** ''بارش کے فائدے'' کے موضوع پر 3 سے 4 منٹ کی تقریر کروائیے۔

**سرگرمی نمبر7:۔** طلبہ / طالبات سے کہیں کہ وہ بارش کے موضوع پر کچھ اور نظمیں تلاش کر کے لائیں۔

ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔

## سرگرمی نمبر1:۔

املا لکھوایئے: قحط۔ خطرہ۔ دشوار۔ بہادر۔ قطرہ

## سرگرمی نمبر2:۔

درج ذیل الفاظ کی ضد / متضاد لکھوایئے۔

بہادر۔ غریب۔ مردہ۔ دشوار۔ پیچھے

## سرگرمی نمبر3:۔

درج ذیل شعر کی نثر بنوائیں۔

تھی قحط سے پائمال خلقت

اس مینہ سے ہوئی نہال خلقت

________________________________________________

________________________________________________

________________________________________________

________________________________________________

________________________________________________

## سرگرمی نمبر4:۔

درج ذیل اشعار میں دی گئی خالی جگہیں پر کروائیں۔

کیا کھیت کی میں __________ گا پیاس        اپنا ہی کروں گا ستیاناس

آخر__________ کا بندھ گیا تار        بارش ہونے لگی موسلا دھار

پانی پانی ہوا بیاباں        سیراب ہوئے__________ خیاباں

## سرگرمی نمبر7:۔

درست جواب پر یہ نشان (✓) لگوایئے:

1۔ نظم ''بارش کا پہلا قطرہ'' کے شاعر ہیں۔

(الف) ساقی جاوید    (ب) محمد حسین آزاد    (ج) محمد اسماعیل میرٹھی    (د) علامہ اقبال

2۔ دلاور کے معنی ہیں۔

(الف) کمزور (ب) بزدل (ج) بہادر (د) لاغر

3۔ بارشیں نہ ہونے سے ہوتا ہے۔

(الف) فائدہ (ب) قحط (ج) سونامی (د) زمین کا دھنسنا

4۔ موسلا دھار بارش سے مراد ہے۔

(الف) ہلکی (ب) تیز (ج) بہت تیز (د) بارش بند ہو گئی

5۔ چمن کے معنی ہیں۔

(الف) کھیت (ب) باغ (ج) جنگل (د) نخلستان

سبق نمبر ۸

# تن درستی ہزار نعمت ہے

حاصلاتِ تعلّم: اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

U1Eb101 کہانی، نظم، مکالمہ، ڈراما، خبر، ہدایت، اعلان اور معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔

U1Eb103 مواد (نظم و نثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجزیاتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

U3Eb101 سماجی اور پیشہ ورانہ موضوعات پر مبنی تحریریں پڑھ کر تفہیم و تجزیہ کر سکیں۔

U3Eb102 مجوزہ عبارت پڑھتے ہوئے اپنے روزمرہ زندگی کے مشاہدات و تجربات کی روشنی میں سمجھ سکیں۔

U3Eb201 نظم و نثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔

U3Eb202 نظم و نثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے ساتھ منسلک کر سکیں۔

U4Eb101 نثر پارے یا نظم کو اپنے انداز میں لکھ سکیں۔

U4Eb104 کسی بھی عام متن پر سوالات کے جوابات تحریر کر سکیں۔

U4Eb106 نظم اور نثر کی تشریح اور تلخیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجاویز لکھ سکیں۔

U7Eb104 مختلف پیشہ ورانہ اور سماجی ضروریات کا مواد / کتابچے عام کھانے پینے کی چیزوں اور ادویات کے لیبل کھاد زرعی ادویات کے کتابچے مشینوں اور رنگ و روغن وغیرہ سے متعلق کتابچے وغیرہ سمجھ کر پڑھ سکیں۔

## بنیادی تصورات:

1۔ صحت مند رہنے کی ضرورت اور اہمیت
2۔ تن درست رہنے کے اصول
3۔ بیماری کی حالت میں فوراً ڈاکٹر سے رجوع کرنا
4۔ متوازن غذا اور ورزش کی اہمیت
5۔ صاف ستھرا رہنے کی ضرورت
6۔ گھر اور ماحول کی صفائی

## تدریسی معاونات:

کتاب، تختہ تحریر، اسپتال کی تصویر۔ متوازن غذا کا چارٹ، ورزش کے مختلف طریقے (چارٹ)

## طریقہ تدریس:

## تمہیدی سوالات:

1۔ آپ کو کون پڑھاتا ہے؟
2۔ ڈاکٹر کیا کام کرتے ہیں؟
3۔ ہم بیمار کیوں ہوتے ہیں؟
4۔ تن درست رہنے کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

آج ہم ایک سبق پڑھیں گے جس میں صحت مند رہنے کے اصول بیان کیے گئے ہیں۔

کتاب کا صفحہ نمبر ______________ کھولیے۔

**پہلا قدم (مثالی بلند خوانی):**

ٹیچر مناسب آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب ولہجے سے سبق کی بلند خوانی کریں۔

**دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):**

ٹیچر فرداً فرداً طلبہ / طالبات سے سبق کے مختلف پیراگراف کی بلند خوانی کروائیں۔

**تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):**

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں درست کروائیں اور ضرورت ہو تو تختۂ تحریر پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔

درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

نعمت۔ کھانسی۔ کھٹی۔ متوازن۔ نشاستہ۔ وائرس

**چوتھا قدم (تفہیم عبارت):**

1۔ روحی کیوں چلا رہی تھی؟

2۔ روحی کی امی اسے کہاں لے گئیں؟

3۔ ڈاکٹر سلمہ نے بخار کس چیز سے معلوم کیا؟

4۔ روحی کو کون سا بخار تھا؟

5۔ ڈاکٹر صاحبہ نے کیسی چیزیں کھانے سے منع کیا؟

6۔ تن درست رکھنے کے لئے کیا چیزیں ضروری ہیں؟

7۔ متوازن غذا سے کیا مراد ہے؟

8۔ سڑی گلی اشیاء اور دکانوں / ٹھیلوں پر کھلی رکھی ہوئی چیزیں کھانے سے کیا ہوتا ہے؟

9۔ ورزش سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

10۔ ماموں جان کو کس نے بلایا؟

11۔ ماموں جان دفتر چھوڑ کر فوراً روحی کے گھر کیوں آئے؟

12۔ کرونا اور ڈینگی بخار سے بچنے کے لئے کیا کرنا چاہیے؟

**لسانی سرگرمیاں:**

**سرگرمی نمبر1:۔** طلبہ / طالبات کے گروپ بنا کر ہر گروپ کو ایک پیراگراف کی بلند خوانی کرنے کو کہا جائے اور بعد میں وہ اس پیراگراف کی تفہیم کرتے ہوئے اپنے الفاظ میں مفہوم پیش کریں۔

**سرگرمی نمبر2:۔** درج ذیل الفاظ خوش خط لکھوایئے: متواوزن۔ غذا۔ ورزش۔ فائدہ۔ دفتر

**سرگرمی نمبر3:۔** درج ذیل الفاظ کے جملے بنوائے جائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| بخار | |
| خطرناک | |
| صفائی | |
| تھرمامیٹر | |
| ڈاکٹر | |

**سرگرمی نمبر4:۔** متوازن غذا کا چارٹ بنوائیے:

**سرگرمی نمبر5:۔** تن درست رکھنے کے لئے جو باتیں ضروری ہیں ان کا ایک چارٹ بنوائیے:

**سرگرمی نمبر6:۔** طلبہ / طالبات کو آسان ورزشیں بتائیے:

**سرگرمی نمبر7:۔** ''بیماری سے بچاؤ'' کے موضوع پر طلبہ / طالبات سے 3 سے 4 منٹ کی تقریر کروائیے:

**سرگرمی نمبر8:۔** کمرہ جماعت میں اس ڈرامے پر مبنی رول پلے کروائیے:

ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔

## سرگرمی نمبر1:۔

درج ذیل الفاظ کا املا لکھوایا جائے: وبائی۔ امراض۔ کرونا۔ ڈینگی۔ تھرمامیٹر

## سرگرمی نمبر2:۔

طلبہ / طالبات سے درج ذیل پیشہ وروں کے کام لکھوائیے:

ڈاکٹر: ____________ پائلٹ: ____________

ڈرائیور: ____________ موچی: ____________

مالی: ____________

## سرگرمی نمبر3:۔

درج ذیل الفاظ کے متضاد / ضِد لکھوائیے:

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| بیماری | |
| تقریر | |

| | |
|---|---|
| روشنی | |
| صاف | |
| درست | |

## سرگرمی نمبر4:۔

درج ذیل الفاظ کے جملے بنوائے جائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| انتظار | |
| غذا | |
| سبزیاں | |
| گوشت | |
| دفتر | |

## سرگرمی نمبر7:۔

درست جواب پر یہ نشان (✓) لگوائیے:

1۔ روحی کے ماموں جان کام کرتے ہیں:

(الف) کارخانے (ب) سکول (ج) دفتر (د) اسپتال

2۔ تھرمامیٹر سے معلوم کی جاتی ہے:

(الف) کھانسی (ب) تپ دق (ج) بخار کی شدت (د) چیچک

3۔ ماموں کو بلایا تھا:

(الف) روحی (ب) ڈاکٹر سلمہ (ج) شاہدہ (د) محلے والوں نے

4۔ روحی کی چھوٹی بہن کا نام تھا:

(الف) نجمہ (ب) زاہدہ (ج) شاہدہ (د) نائلہ

5۔ روحی کی امی روحی کو لے گئیں:

(الف) بینک (ب) اسکول (ج) اسپتال (د) بازار

سبق نمبر ۹

# قومی اور علاقائی رسم و رواج

**حاصلاتِ تعلّم:** اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

| | |
|---|---|
| U1Eb101 | کہانی، نظم، مکالمہ، ڈراما، خبر، ہدایت، اعلان اور معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔ |
| U1Eb103 | مواد (نظم و نثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجزیاتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔ |
| U3Eb101 | سماجی اور پیشہ ورانہ موضوعات پر مبنی تحریریں پڑھ کر تفہیم و تجزیہ کر سکیں۔ |
| U3Eb102 | مجوزہ عبارت پڑھتے ہوئے اپنے روزمرہ زندگی کے مشاہدات و تجربات کی روشنی میں سمجھ سکیں۔ |
| U3Eb201 | نظم و نثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔ |
| U3Eb202 | نظم و نثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے ساتھ منسلک کر سکیں۔ |
| U4Eb101 | نثر پارے یا نظم کو اپنے انداز میں لکھ سکیں۔ |
| U4Eb104 | کسی بھی عام متن پر سوالات کے جوابات تحریر کر سکیں۔ |
| U4Eb106 | نظم اور نثر کی تشریح اور تلخیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجاویز لکھ سکیں۔ |
| U7Eb102 | روزمرہ زندگی کی ضروری معلومات (صحت، تعلیم، قانون، روزگار وغیرہ) کے حوالے سے سوالات و جواب کی مشق کر سکیں۔ اپنی ذاتی زندگی کی بہتری کے لئے فیصلہ سازی کی صلاحیت پیدا کر سکیں۔ |
| U6Eb101 | درسی و سماجی موضوعات پر موزوں زبان میں درست تلفظ لب و لہجے اتار چڑھاؤ روانی اور ضروری وقفوں کے ساتھ سامعین کے سامنے 4 سے 5 منٹ کی تقریر کر سکیں۔ |

**بنیادی تصورات:**

1۔ قومی اور علاقائی رسم و رواج سے آگہی۔
2۔ بری رسموں کو ختم کرنا
3۔ دوسرے مذاہب کے رسم و رواج سے گریز
4۔ فضول خرچی سے بچنا

**تدریسی معاونات:**

کتاب، تختہ تحریر، پاکستان اور صوبہ سندھ کے نقشے، علاقائی لباس کی تصاویر، علاقائی کھیلوں کی تصاویر

**طریقہ تدریس:**

**تمہیدی سوالات:**

1۔ شادی بیاہ کے موقع پر لوگ خوشی کا اظہار کس طرح کرتے ہیں؟

2۔ اگر پڑوس میں کوئی مر جائے تو ہم کیا کرتے ہیں؟

3۔ عرس کے موقع پر کیا ہوتا ہے؟

4۔ قومی اور علاقائی رسم و رواج سے کیا مراد ہے؟

آج ہم ایک سبق پڑھیں گے جس میں صحت مند رہنے کے اصول بیان کیے گئے ہیں۔

کتاب کا صفحہ نمبر ________________ کھولیے۔

**پہلا قدم (مثالی بلند خوانی):**

ٹیچر مناسب آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب و لہجے سے سبق کی بلند خوانی کریں۔

**دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):**

ٹیچر فرداً فرداً طلبہ / طالبات سے سبق کے مختلف پیراگراف کی بلند خوانی کروائیں۔

**تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):**

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں درست کروائیں اور ضرورت ہو تو تختۂ تحریر پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔

درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

عرس۔ قوالی۔ عقیقہ۔ تلقین۔ مغفرت۔ فضول

**چوتھا قدم (تفہیم عبارت):**

1۔ ہمارے وطن میں کن تہذیبوں نے جنم لیا؟

2۔ ہمارے قومی رسم و رواج پر کن قوموں کے اثرات ہیں؟

3۔ پاکستان کا قومی لباس کیا ہے؟

4۔ بزرگانِ دین کے عرس کے موقع پر کیا ہوتا ہے؟

5۔ میلے میں کیا ہوتا ہے؟

6۔ قوال اور ڈاکٹر کی محفلیں کیوں منعقد کی جاتی ہیں؟

7۔ پاکستان کا قومی کھیل کون سا ہے؟

8۔ بچوں کی پیدائش پر لوگ کیا کرتے ہیں؟

9۔ پاکستان میں کون کون سے قومی اور علاقائی کھیل کھیلے جاتے ہیں؟

10۔ اگر کہیں کسی کی موت واقع ہوتی ہے تو پڑوسی اور دوست احباب کیا کرتے ہیں؟

11۔ ہمارے قومی اور علاقائی رسم و رواج میں دوسری تہذیبوں کے اثرات نظر آرہے ہیں اس کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

**لسانی سرگرمیاں:**

**سرگرمی نمبر 1:۔** طلبہ / طالبات کے گروپ بنا کر ہر گروپ کو ایک پیراگراف کی بلند خوانی کرنے کو کہا جائے اور بعد میں وہ اس پیراگراف کی تفہیم کرتے ہوئے اپنے الفاظ میں مفہوم پیش کریں۔

**سرگرمی نمبر2:۔** درج ذیل الفاظ خوش خط لکھوایئے: تہذیب۔ نمایاں۔ اثرات۔ پیدائش۔ اموات

**سرگرمی نمبر3:۔** درج ذیل الفاظ کے جملے بنوائے جائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| عرس | |
| میلے | |
| خوش | |
| علاقائی | |
| تفریح | |
| قومی لباس | |

**سرگرمی نمبر4:۔** ادارے میں شاہ عبد اللطیف ڈے منانے کا اہتمام کریں۔

**سرگرمی نمبر5:۔** ٹیچر طلبہ / طالبات سے کہیں کہ وہ ایک دوسرے کا انٹرویو لیں اور خاندانی رسم و رواج کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔

**سرگرمی نمبر6:۔** طلبہ / طالبات اپنے علاقائی لباس پہن کر اپنی ثقافت کا مظاہرہ کریں۔

**سرگرمی نمبر7:۔** طلبہ / طالبات سے کہیں کہ وہ کمرہ جماعت میں اقوال زریں سنائیں۔

**سرگرمی نمبر8:۔** طلبہ / طالبات سے منی آرڈر فارم پر کروائیں۔

ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔

## سرگرمی نمبر1:۔

درج ذیل الفاظ کا املا لکھوایا جائے:

قوالی۔ لباس۔ عقیقہ۔ حفاظت۔ دعا

## سرگرمی نمبر2:۔

درج ذیل الفاظ کے متضاد / ضِد لکھوایئے:

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| فضول | |
| گہرا | |
| پیدائش | |
| سستی | |

| | |
|---|---|
| بچوں | |

## سرگرمی نمبر3:۔

درج ذیل بیانات اگر درست ہیں تو ہاں پر یہ (✓) نشان لگوائیے اور اگر غلط ہیں تو نہیں پر یہ (×) نشان لگوائیے۔

| بیانات | ہاں | نہیں |
|---|---|---|
| خوشی کے موقع پر فائر کرنا | | |
| غریبوں کی مدد کرنا | | |
| آتش بازی پر رقم خرچ کرنا | | |
| ماہ رمضان میں رات بھر سڑک پر کھیلنا | | |
| مریضوں کی دیکھ بھال کرنا | | |

سبق نمبر ۱۰

# ایک ہے سب کی منزل (نظم)

حاصلاتِ تعلّم: اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

U1Eb101 کہانی، نظم، مکالمہ، ڈراما، خبر، ہدایت، اعلان اور معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔

U1Eb103 مواد (نظم و نثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجزیاتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

U3Eb201 نظم و نثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔

U3Eb202 نظم و نثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے ساتھ منسلک کر سکیں۔

U4Eb101 نثر پارے یا نظم کو اپنے انداز میں لکھ سکیں۔

U4Eb106 نظم اور نثر کی تشریح اور تلخیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجاویز لکھ سکیں۔

## بنیادی تصورات:

1۔ قومی اتحاد یکجہتی اخوت
2۔ وطن کے لئے قربانی دینے کا جذبہ
3۔ وطن کی ترقی اور خوش حالی کے لئے کام کرنا

## تدریسی معاونات:

کتاب، تختہ تحریر، پاکستان کا نقشہ، قومی پرچم

## طریقہ تدریس:

## تمہیدی سوالات:

1۔ آپس میں لڑنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟
2۔ امن و امان قائم رکھنے کے لئے کیا چیز ضروری ہے؟
3۔ وطن کی ترقی اور خوش حالی کے لئے سب سے پہلی ضرورت کیا ہے؟

آج ہم ایک نظم پڑھیں گے جس میں بارش کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

کتاب کا صفحہ نمبر ______________ کھولیے۔

## پہلا قدم (مثال بلند خوانی):

ٹیچر مناسب آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب و لہجے سے نظم کی بلند خوانی کریں۔

**دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):**

ٹیچر فرداً فرداً طلبہ / طالبات سے نظم کے مختلف پیراگراف کی بلند خوانی کروائیں۔

**تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):**

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں درست کروائیں اور ضرورت ہو تو تختۂ تحریر پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔

درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

ضو۔ کشتی۔ ہلالی۔ سبز۔ بندھن۔ شمع

**چوتھا قدم (تفہیم اشعار):**

1۔ ہمارے قومی پرچم میں کون کون سے رنگ ہیں؟

2۔ ہمارے قومی پرچم پر کیا بنا ہوا ہے؟

3۔ ہمارا ہلالی پرچم جگ میں کیا بن کر چمکے گا؟

4۔ پاکستان کا ذرہ ذرہ کیا بن کر دمکے گا؟

5۔ ایک ہی کشتی کے ہیں مسافر سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

6۔ ایک ہی سب کی منزل کے ذریعے شاعر کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟

7۔ ہم اپنے وطن کو کس چیز سے روشن رکھیں گے؟

8۔ روئے وطن پر پھول سجانے کا کیا مطلب ہے؟

9۔ ہم آپس میں پیار و محبت کو قائم رکھنے کے لئے کیا چیز قربان کر سکتے ہیں؟

10۔ وطن کی ہر بستی میں ہم کس کے چراغ روشن کریں گے؟

11۔ وطن کے دفاع کے لئے ہم کیا کر سکتے ہیں۔

12۔ گیت وطن کے گائیں گے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

13۔ یہ قومی نغمہ کس شاعر کا ہے؟

14۔ چاند ستاروں سے بھی اونچا ہم پرچم لہرائیں گے سے شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

**لسانی سرگرمیاں:**

**سرگرمی نمبر1:۔** طلبہ / طالبات کے گروپ بنا کر نظم اجتماعی طور پر ترنم سے پڑھوائیں۔

**سرگرمی نمبر2:۔** ہم وزن / ہم آواز الفاظ بنوائیے۔ جیسے: وطن۔ بستی۔ جگ۔ گیت۔ سونا۔ سجانے

**سرگرمی نمبر3:۔** درج ذیل الفاظ کے جملے بنوائے جائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| پرچم | |
| سورج | |
| کشتی | |
| علم | |

| | |
|---|---|
| طوفان | |

**سرگرمی نمبر4:۔** طلبہ / طالبات سے کہیں کہ وہ اس قسم کے قومی نغمے تلاش کر کے لائیں۔

**سرگرمی نمبر5:۔** طلبہ / طالبات سے ادبی ڈائری بنوائیں۔

**سرگرمی نمبر6:۔** قومی نغمے پڑھنے کا مقابلہ کروائیں۔

**سرگرمی نمبر7:۔** اس قومی نغمے پر ٹیبلو پیش کرنے کا اہتمام کریں۔

**سرگرمی نمبر8:۔** "پیارا وطن پاکستان" کے موضوع پر مختصر مضمون لکھوائیے۔

**سرگرمی نمبر9:۔** طلبہ / طالبات پاکستان سے متعلق فوٹو جمع کریں اور آپ اپنی نگرانی میں البم تیار کروائیں۔

**سرگرمی نمبر10:۔** ادارے میں یوم آزادی اور یوم پاکستان منانے کا اہتمام کریں۔

ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔

## سرگرمی نمبر1:۔

املا لکھوائیے: ذرہ۔ روشن۔ بندھن۔ طوفان۔ سلامت

## سرگرمی نمبر2:۔

درج ذیل الفاظ کی ضد / متضاد لکھوائیے۔

| الفاظ | متضاد / ضد |
|---|---|
| اونچا | |
| روشن | |
| سورج | |
| جلانا | |
| پھول | |

## سرگرمی نمبر3:۔

درج ذیل مصرعوں کو سادہ نثر میں لکھوائیے:

ہم ہر دور میں روئے وطن پر پھول سجانے والے ہیں
بستی بستی علم و عمل کے دیپ جلانے والے ہیں
پھول سجانے والے ہیں
دیپ جلانے والے ہیں

## سرگرمی نمبر4:۔

درج ذیل الفاظ کے مترادف لکھوائیے:

| مترادف | الفاظ |
|---|---|
| | دیپ |
| | سورج |
| | پھول |
| | سبز |
| | پیار |

## سرگرمی نمبر5:۔

درج ذیل اشعار میں دی گئی خالی جگہیں پر کروائیں۔

1۔ سورج بن کر ________________ گا۔

2۔ گھر کو ________________ رکھیں گے۔

3۔ پھیر دیں رخ ________________ کا۔

4۔ گیت وطن کے ________________ گے۔

5۔ ایک ہی سب کی ________________ ہے۔

سبق نمبر ۱۱

# کرِکٹ

حاصلاتِ تعلّم: اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

U1Eb101 کہانی، نظم، مکالمہ، ڈراما، خبر، ہدایت، اعلان اور معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔

U1Eb103 مواد (نظم و نثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجزیاتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

U3Eb101 سماجی اور پیشہ ورانہ موضوعات پر مبنی تحریریں پڑھ کر تفہیم و تجزیہ کر سکیں۔

U3Eb102 مجوزہ عبارت پڑھتے ہوئے اپنے روز مرہ زندگی کے مشاہدات و تجربات کی روشنی میں سمجھ سکیں۔

U3Eb201 نظم و نثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔

U3Eb202 نظم و نثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے ساتھ منسلک کر سکیں۔

U4Eb101 نثر پارے یا نظم کو اپنے انداز میں لکھ سکیں۔

U4Eb104 کسی بھی عام متن پر سوالات کے جوابات تحریر کر سکیں۔

U4Eb106 نظم اور نثر کی تشریح اور تلخیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجاویز لکھ سکیں۔

U2Eb102 کسی سماجی تقریب یا تقریری مقابلے میں کسی موضوع کے حق یا مخالفت میں مناسب انداز میں دلائل اور حقائق کے ساتھ اپنی رائے پیش کر سکیں۔

## بنیادی تصورات:

1۔ کھیل کی اہمیت اور فوائد
2۔ ایک دوسرے سے تعاون کا جذبہ
3۔ صحت و تن درستی
4۔ فیصلہ تسلیم کرنا
5۔ کرکٹ کے کھیل سے آگہی

## تدریسی معاونات:

کتاب، تختۂ تحریر، کرکٹ کے میدان کی تصاویر

## طریقہ تدریس:

## تمہیدی سوالات:

1۔ ہمارے ملک میں کون کون سے کھیل کھیلے جاتے ہیں؟
2۔ آپ کو کون سا کھیل پسند ہے؟
3۔ ٹی 20 کس کھیل کا نام ہے؟

آج ہم ایک سبق پڑھیں گے جس میں صحت مند رہنے کے اصول بیان کیے گئے ہیں۔

کتاب کا صفحہ نمبر ______________ کھولیے۔

## پہلا قدم (مثالی بلند خوانی):

ٹیچر مناسب آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب و لہجے سے سبق کی بلند خوانی کریں۔

## دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):

ٹیچر فرداً فرداً طلبہ / طالبات سے سبق کے مختلف پیراگراف کی بلند خوانی کروائیں۔

## تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں درست کروائیں اور ضرورت ہو تو تختۂ تحریر پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔

درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

مقبول۔ محدود۔ میدان۔ مخصوص۔ فیصلہ

## چوتھا قدم (تفہیم عبارت):

1۔ پاکستان کا قومی کھیل کون سا ہے؟

2۔ ہاکی کے علاوہ یہاں کون سے کھیل زیادہ مقبول ہیں؟

3۔ کرکٹ کی ابتدا کس ملک میں ہوئی؟

4۔ کرکٹ انگلستان کا قومی کھیل کس صدی میں بنا؟

5۔ لارڈ گراؤنڈ کا افتتاح کس سن میں ہوا؟

6۔ 1844ء میں پہلا انٹر نیشنل میچ کن ممالک کے درمیان کھیلا گیا؟

7۔ 5 جنوری 1971ء کو پہلا ایک روزہ انٹر نیشنل میچ کن ممالک کے درمیان کھیلا گیا؟

8۔ ٹیسٹ کرکٹ کس صدی میں شروع ہوئے؟

9۔ پاکستان کس سن میں ٹیسٹ کرکٹ میں شامل ہوا؟

10۔ انٹر نیشنل کرکٹ کاؤنسل نے محدود اوورز کا پہلا کرکٹ ورلڈ کپ کس سن میں منعقد کیا؟

11۔ کرکٹ کی ٹیم میں کتنے کھلاڑی کھیلتے ہیں؟

12۔ پچ کی لمبائی کتنی ہوتی ہے؟

13۔ اگر گیند باؤنڈری لائن کو چھو لے تو کتنے رن بنتے ہیں؟

14۔ اگر گیند باؤنڈری لائن کے باہر گرے تو کتنے رن بنتے ہیں؟

15۔ میچ میں آخری فیصلہ کون دیتا ہے؟

16۔ پاکستانی ٹیم کے پہلے کپتان کون تھے؟

17۔ پاکستان کے چند نامور کھلاڑیوں کے نام بتایئے؟

## لسانی سرگرمیاں:

**سرگرمی نمبر1:۔** طلبہ / طالبات کے گروپ بنا کر ہر گروپ کو ایک پیراگراف کی بلند خوانی کرنے کو کہا جائے اور بعد میں وہ اس پیراگراف کی تفہیم کرتے ہوئے اپنے الفاظ میں مفہوم پیش کریں۔

**سرگرمی نمبر2:۔** کرکٹ کے بارے میں معلوماتی پروگرام کا اہتمام کیا جائے۔

**سرگرمی نمبر3:۔** جماعتی سطح پر کرکٹ ٹیمیں بنائی جائیں اور مقابلے کروائے جائیں۔

**سرگرمی نمبر4:۔** طلبہ / طالبات پاکستان کے نامور کھلاڑیوں کی تصاویر کا البم بنائیں۔

**سرگرمی نمبر5:۔** خوش خط لکھوائیں۔ انگلستان۔ آسٹریلیا۔ سری لنکا۔ پاکستان۔ نیوزی لینڈ

**سرگرمی نمبر6:۔** طلبہ / طالبات کرکٹ کے بارے میں 3 سے 4 منٹ کی تقریر کریں۔

**سرگرمی نمبر7:۔** طلبہ / طالبات کھیلوں کی اہمیت پر مختصر مضمون لکھیں۔

ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔

## سرگرمی نمبر1:۔

درج ذیل الفاظ کا املا لکھوایا جائے:

مقبول۔ انگلستان۔ مشتمل۔ منعقد۔ مخصوص

## سرگرمی نمبر2:۔

درست جواب پر یہ نشان (✓) لگوایئے:

1۔ امریکہ اور کناڈا کے درمیان پہلا انٹرنیشنل میچ کھیلا گیا۔

(الف) 1822ء (ب) 1832ء (ج) 1840ء (د) 1844ء

2۔ ٹیسٹ کرکٹ شروع ہوئے۔

(الف) سولہویں صدی (ب) سترہویں صدی (ج) اٹھارویں صدی (د) بیسویں صدی

3۔ 1952ء میں ٹیسٹ کرکت میں شامل ہوا۔

(الف) سری لنکا (ب) افغانستان (ج) پاکستان (د) زمبابوے

4۔ پہلا ایک روزہ انٹرنیشنل میچ آسٹریلیا اور انگلینڈ کے درمیان کھیلا گیا۔

(الف) 1951ء (ب) 1961ء (ج) 1971ء (د) 1981ء

5۔ اگر گیند باؤنڈری لائن کے باہر گرے تو رن بنتے ہیں۔

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 6 (د) 4

# قدرتی آفات

سبق نمبر ۱۲

حاصلاتِ تعلّم: اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

| | |
|---|---|
| U1Eb101 | کہانی، نظم، مکالمہ، ڈراما، خبر، ہدایت، اعلان اور معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔ |
| U1Eb103 | مواد (نظم و نثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجزیاتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔ |
| U3Eb101 | سماجی اور پیشہ ورانہ موضوعات پر مبنی تحریریں پڑھ کر تفہیم و تجزیہ کر سکیں۔ |
| U3Eb102 | مجوزہ عبارت پڑھتے ہوئے اپنے روزمرہ زندگی کے مشاہدات و تجربات کی روشنی میں سمجھ سکیں۔ |
| U3Eb201 | نظم و نثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔ |
| U3Eb202 | نظم و نثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے ساتھ منسلک کر سکیں۔ |
| U4Eb101 | نثر پارے یا نظم کو اپنے انداز میں لکھ سکیں۔ |
| U4Eb104 | کسی بھی عام متن پر سوالات کے جوابات تحریر کر سکیں۔ |
| U4Eb106 | نظم اور نثر کی تشریح اور تلخیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجاویز لکھ سکیں۔ |
| U7Eb101 | ضروری معاملات زندگی میں تنقیدی سماعت کے ذریعے بہتر نتائج حاصل کر سکیں۔ |

## بنیادی تصورات:

1۔ قدرتی آفات کا مطلب
2۔ مختلف قسم کی قدرتی آفات کا تعارف
3۔ قدرتی آفات کے نقصانات

## تدریسی معاونات:

کتاب، تختہ تحریر، قدرتی آفات کے ناموں کے فلیش کارڈ، مختلف قدرتی آفات کی تصاویر، ویڈیوز، سی ڈیز وغیرہ

## طریقہ تدریس:

## تمہیدی سوالات:

1۔ سیلاب سے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟
2۔ گرم ہواؤں سے کیا نقصان ہوتا ہے؟
3۔ زلزلہ کس طرح نقصان پہنچاتا ہے؟
4۔ سیلاب گرم ہواؤں زلزلے اور سونامی کو ہم کیا کہتے ہیں؟

آج ہم ایک سبق پڑھیں گے جس میں مختلف قسم کی قدرتی آفات کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

کتاب کا صفحہ نمبر ______________ کھولیے۔

**پہلا قدم (مثال بلند خوانی):**

ٹیچر مناسب آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب و لہجے سے سبق کی بلند خوانی کریں۔

**دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):**

ٹیچر فرداً فرداً طلبہ / طالبات سے سبق کے مختلف پیراگراف کی بلند خوانی کروائیں۔

**تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):**

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں درست کروائیں اور ضرورت ہو تو تختۂ تحریر پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔

درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

زلزلہ۔ سونامی۔ ژالہ باری۔ آندھیاں۔ وبائی

**چوتھا قدم (تفہیم عبارت):**

1۔ قدرتی آفات سے کیا مراد ہے؟
2۔ زلزلے کیوں آتے ہیں؟
3۔ زلزلوں سے کیا نقصان ہوتا ہے؟
4۔ زمین کس وجہ سے دھنستی ہے اور اس سے کیا نقصان ہوتا ہے؟
5۔ آتش فشاں پہاڑ جب پھٹتے ہیں تو کیا نقصان ہوتا ہے؟
6۔ اُڑنے والی راکھ اگر پھیپھڑوں میں چلی جائے تو کیا ہوتا ہے؟
7۔ سیلاب سے کیا نقصان ہوتا ہے؟
8۔ سونامی کسے کہتے ہیں؟
9۔ سونامی کس وجہ سے پیدا ہوتے ہیں؟
10۔ طوفان بادوباراں کس وجہ سے آتے ہیں؟
11۔ برفانی طوفان کس وجہ سے آتے ہیں؟
12۔ ژالہ باری کس طرح ہوتی ہے؟
13۔ سرد لہریں کس موسم میں پیدا ہوتی ہیں؟
14۔ گرم لہروں سے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟
15۔ گرج چمک کے طوفان کس طرح نقصان پہنچاتے ہیں؟
16۔ وبائی امراض کی مثالیں دیجیے؟
17۔ کن ممالک میں آندھیاں اور بگولے زیادہ نقصان پہنچاتے ہیں؟

**لسانی سرگرمیاں:**

**سرگرمی نمبر1:۔** طلبہ / طالبات کے گروپ بنا کر ہر گروپ کو ایک پیراگراف کی بلند خوانی کرنے کو کہا جائے اور بعد میں وہ اس پیراگراف کی تفہیم کرتے ہوئے اپنے الفاظ میں مفہوم پیش کریں۔

**سرگرمی نمبر2:۔** طلبہ / طالبات قدرتی آفات کے بارے میں رول پلے میں حصہ لیں۔ ٹیچر طلبہ / طالبات کو مختلف آفات کا

نام دے کر کہیں کہ وہ اپنے بارے میں ساتھیوں کو بتائیں۔

**سر گرمی نمبر3:۔** طلبہ / طالبات مختلف قدرتی آفات کی تصاویر جمع کریں۔

**سر گرمی نمبر4:۔** طلبہ / طالبات مختلف قدرتی آفات کے کتابچے تیار کریں۔ جہاں جہاں ضروری ہو تصاویر بھی لگائیں۔

**سر گرمی نمبر5:۔** ٹیچر قدرتی آفات کے ناموں کا ایک چارٹ تیار کروائیں۔

**سر گرمی نمبر6:۔** خوش خط لکھوائیں۔ زلزلہ۔ سیلاب۔ سونامی۔ ژالہ باری۔ آندھیاں

**سر گرمی نمبر7:۔** قدرتی آفات کے نقصانات پر طلبہ / طالبات سے مختصر مضمون لکھوایئے۔

**سر گرمی نمبر8:۔** لفظ آتش فشاں پہاڑ کے حروف سے نئے الفاظ بنوایئے۔

آ ت ش ف ش اں پ ہ اڑ

ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سر گرمیاں کروائیں۔

## سر گرمی نمبر1:۔

درج ذیل الفاظ کا املا لکھوایا جائے:

طوفان۔ لہریں۔ امراض۔ آندھیاں۔ آتش فشاں

## سر گرمی نمبر2:۔

درج ذیل الفاظ کے جملے بنوائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| وبائی | |
| آندھی | |
| نقصان | |
| پریشان | |
| توانائی | |

## سر گرمی نمبر3:۔

واحد سے جمع بنوایئے۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| شہید | |
| رفیق | |
| فقیر | |

| | |
|---|---|
| جاہل | |
| امیر | |

## سرگرمی نمبر4:۔

درج ذیل الفاظ کی ضد / متضاد لکھوائیں

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| آسمانی | |
| سردی | |
| کچے | |
| بیماری | |
| آسمان | |

## سرگرمی نمبر5:۔

درست جواب پر یہ نشان (✓) لگوائیے:

1۔ آفت کے معنی ہیں۔

(الف)راحت (ب)مصیبت (ج)طاقت (د)توانائی

2۔ بیمار کی ضد / متضاد ہے۔

(الف)بیماری (ب)تندرست (ج)صحت (د)ناتوانی

3۔ سمندر کے نیچے زلزلوں سے پیدا ہوتا ہے۔

(الف)منفی درجہ حرارت (ب)سونامی (ج)سرد لہریں (د)برطانی طوفان

4۔ کان کنی اور زیر زمین کھدائی سے دھنس جاتی ہے۔

(الف)نہر (ب)پہاڑ کی چوٹی (ج)زمین (د)برف

5۔ آسمانی بجلی سے نقصان پہنچتا ہے۔

(الف)نہروں (ب)چشموں (ج)کھیتوں (د)دریاؤں

سبق نمبر ۱۳

# میر معصوم شاہ بکھری

حاصلاتِ تعلّم: اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

U1Eb101 کہانی، نظم، مکالمہ، ڈراما، خبر، ہدایت، اعلان اور معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔

U1Eb103 مواد (نظم ونثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجزیاتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

U3Eb101 سماجی اور پیشہ ورانہ موضوعات پر مبنی تحریریں پڑھ کر تفہیم و تجزیہ کر سکیں۔

U3Eb102 مجوزہ عبارت پڑھتے ہوئے اپنے روزمرہ زندگی کے مشاہدات و تجربات کی روشنی میں سمجھ سکیں۔

U3Eb201 نظم ونثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔

U3Eb202 نظم ونثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے ساتھ منسلک کر سکیں۔

U4Eb101 نثر پارے یا نظم کو اپنے انداز میں لکھ سکیں۔

U4Eb104 کسی بھی عام متن پر سوالات کے جوابات تحریر کر سکیں۔

U4Eb106 نظم اور نثر کی تشریح اور تلخیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجاویز لکھ سکیں۔

U4Eb102 کوئی مضمون لکھتے ہوئے اپنے مشاہدے، ''علم'' معاملات، سوچ فکر کو سادہ انداز میں مضمون کا حصہ بنا سکے اور کم از کم تین پیراگراف لکھ سکے۔

## بنیادی تصورات:

1۔ صوبہ سندھ کے مشاہیر کا تعارف
2۔ میر معصوم شاہ کی سوانح عمری اور کارنامے
3۔ علم حاصل کرنے کا جذبہ
4۔ اچھے کاموں کی حوصلہ افزائی

## تدریسی معاونات:

کتاب، تختۂ تحریر، الفاظ کے فلیش کارڈ، میر معصوم شاہ کے مینار کی تصویر

## طریقہ تدریس:

## تمہیدی سوالات:

1۔ شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کون تھے؟
2۔ حضرت سچل سرمستؒ کون تھے؟
3۔ لعل شہباز قلندرؒ کا مزار کہاں ہے؟
4۔ میر معصوم شاہؒ کون تھے؟

آیئے آج ہم سندھ کے ایک عظیم بزرگ میر معصوم شاہ کے بارے میں ایک سبق پڑھیں گے۔

کتاب کا صفحہ نمبر ________________ کھولیے۔

**پہلا قدم (مثال بلند خوانی):**

ٹیچر مناسب آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب و لہجے سے سبق کی بلند خوانی کریں۔

**دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):**

ٹیچر فرداً فرداً طلبہ / طالبات سے سبق کے مختلف پیرا گراف کی بلند خوانی کروائیں۔

**تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):**

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں درست کروائیں اور ضرورت ہو تو تختۂ تحریر پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔

درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

ہدایت۔ حکمت۔ علم۔ چراغ۔ فتوحات

**چوتھا قدم (تفہیم عبارت):**

1۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کیوں بھیجے؟

2۔ اللہ تعالیٰ کے آخری رسولؐ کی ہدایت کا سلسلہ کس نے جاری رکھا؟

3۔ میر معصوم شاہ کون تھے؟ 4۔ میر معصوم شاہ کہاں پیدا ہوئے؟

5۔ میر معصوم شاہ کے والد کا کیا نام تھا؟ 6۔ سید صفائیؒ کہاں سے ہجرت کر کے سندھ میں آباد ہوئے؟

7۔ سکھر کے حاکم نے کس وجہ سے سید صفائی کو شیخ الاسلام مقرر کیا؟

8۔ شیخ الاسلام کیا کام انجام دیتے تھے؟ 9۔ میر معصوم شاہ نے کن علماء سے علم حاصل کیا؟

10۔ سکھر کے بعد میر معصوم شاہ کس کے دربار سے وابستہ ہوئے؟

11۔ گجرات اور سندھ کی فتح میں میر معصوم شاہ نے کس کی مدد کی؟

12۔ دکن کی تاریخی عمارتوں میں کس کے اشعار کندہ ہیں؟

13۔ میر معصوم شاہ کس کے سفیر بن کر ایران گئے؟

14۔ گجرات کے مدرسے میں انہوں نے کیا کام کیا؟

15۔ سندھ کی تاریخ پر میر معصوم شاہ نے کون سی کتاب لکھی؟

16۔ میر معصوم شاہ نے سندھ میں کون کون سی عمارتیں بنوائیں؟

17۔ میر معصوم شاہ کا مینار کس شہر میں ہے؟

18۔ مینار کے نیچے کس کے مزار ہیں؟

## لسانی سرگرمیاں:

**سرگرمی نمبر1:۔** طلبہ / طالبات کے گروپ بنا کر ہر گروپ کو ایک پیراگراف کی بلند خوانی کرنے کو کہا جائے اور بعد میں وہ اس پیراگراف کی تفہیم کرتے ہوئے اپنے الفاظ میں مفہوم پیش کریں۔

**سرگرمی نمبر2:۔** درج ذیل الفاظ خوش خط لکھوائیں۔ مسجد۔ مینار۔ بکھر۔ دربار۔ اشعار۔ سفیر

**سرگرمی نمبر3:۔** درج ذیل الفاظ کی جمع بنوایئے۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| شعر | |
| عمارت | |
| فتح | |
| عالم | |
| حاکم | |

**سرگرمی نمبر4:۔** درج ذیل الفاظ کے متضاد / ضد لکھوائیں۔

| الفاظ | متضاد / ضد |
|---|---|
| عالم | |
| فتح | |
| محکوم | |
| شہر | |
| والد | |

**سرگرمی نمبر5:۔** چند ہوشیار طلبہ / طالبات سے کہیں کہ وہ میر معصوم شاہ کا رول ادا کریں اور آپ بیتی سنائیں۔

**سرگرمی نمبر6:۔** طلبہ / طالبات سے میر معصوم شاہ کے بارے میں ایک کتابچہ تیار کروائیں۔ جہاں ضروری ہو وہاں تصاویر چسپاں کروائیں۔

**سرگرمی نمبر7:۔** چند طلبہ / طالبات سے میر معصوم شاہ کی شخصیت پر تقریر کروائیں۔ وقت 3 سے 4 منٹ

**سرگرمی نمبر8:۔** طلبہ / طالبات سے سکھر شہر کے نقشے میں میر معصوم شاہ کے مزار کی نشاندہی کروائی جائے۔

ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔

## سرگرمی نمبر1:۔

درج ذیل الفاظ کا املا لکھوایا جائے:

فتوحات۔ عمارتیں۔ مشہور۔ معروف۔ اشعار

## سرگرمی نمبر2:۔

واحد سے جمع بنوائیے۔

| جمع | واحد |
|---|---|
| فتوحات | |
| اشعار | |
| عمارتیں | |
| مسائل | |
| علما | |

## سرگرمی نمبر3:۔

درج ذیل الفاظ کی ضد / متضاد لکھوائیں

| متضاد | الفاظ |
|---|---|
| | نیکی |
| | فتح |
| | دین |
| | عزت |
| | بلندی |

## سرگرمی نمبر4:۔

خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پر کروائیں۔

1۔ میر معصوم شاہ ____________ میں پیدا ہوئے۔

2۔ میر معصوم شاہ کے والد____________ سے ہجرت کر کے سندھ میں آباد ہوئے۔

3۔ روہڑی کی عید گاہ____________ نے بنوائی۔

4۔ سندھ کی تاریخ پر لکھی جانے والی میر معصوم شاہ کی کتاب کا نام____________ ہے۔

5۔ مخدوم بلال میر معصوم شاہ کے____________ تھے۔

سبق نمبر ۱۴

# موروڑو اور مگرمچھ

حاصلاتِ تعلّم: اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

U1Eb101 کہانی، نظم، مکالمہ، ڈراما، خبر، ہدایت، اعلان اور معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔

U1Eb103 مواد (نظم و نثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجزیاتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

U3Eb101 سماجی اور پیشہ ورانہ موضوعات پر مبنی تحریریں پڑھ کر تفہیم و تجزیہ کر سکیں۔

U3Eb102 مجوزہ عبارت پڑھتے ہوئے اپنے روزمرہ زندگی کے مشاہدات و تجربات کی روشنی میں سمجھ سکیں۔

U3Eb201 نظم و نثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔

U3Eb202 نظم و نثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے ساتھ منسلک کر سکیں۔

U4Eb101 نثر پارے یا نظم کو اپنے انداز میں لکھ سکیں۔

U4Eb104 کسی بھی عام متن پر سوالات کے جوابات تحریر کر سکیں۔

U4Eb106 نظم اور نثر کی تشریح اور تلخیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجاویز لکھ سکیں۔

U4Eb103 کسی کہانی کے موڑ پر آنے والے دو یا زائد پہلوؤں میں سے کسی ایک کا انتخاب کر سکے۔

## بنیادی تصورات:

1۔ بہادری
2۔ بھائیوں سے محبت
3۔ گاؤں والوں کی حفاظت کا جذبہ
4۔ اچھے کاموں کی حوصلہ افزائی

## تدریسی معاونات:

کتاب، تختہ تحریر، الفاظ کے فلیش کارڈ، مگرمچھ کی تصویر

## طریقہ تدریس:

## تمہیدی سوالات:

1۔ کہانیاں پڑھنے سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟
2۔ لوک کہانی کسے کہتے ہیں؟
3۔ آپ نے سندھ کی کوئی لوک کہانی پڑھی ہے؟

آیئے آج ہم سندھ کی ایک لوک کہانی پڑھیں گے جس میں ایک بہادر نوجوان کا واقعہ بیان کیا گیا ہے۔

کتاب کا صفحہ نمبر ________________ کھولیے۔

**پہلا قدم (مثال بلند خوانی):**

ٹیچر مناسب آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب و لہجے سے سبق کی بلند خوانی کریں۔

**دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):**

ٹیچر فرداً فرداً طلبہ / طالبات سے سبق کے مختلف پیرا گراف کی بلند خوانی کروائیں۔

**تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):**

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں درست کروائیں اور ضرورت ہو تو تختۂ تحریر پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔

درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

قدیم۔ خوں خوار۔ پنجرہ۔ دفن۔ مجاور

**چوتھا قدم (تفہیم عبارت):**

1۔ کراچی کا پرانا نام بتائیے؟

2۔ سمندر کے کنارے کن لوگوں کا گاؤں تھا؟

3۔ ابھایو کے کتنے بیٹے تھے؟

4۔ ابھایو کے سب سے چھوٹے بیٹے کا کیا نام تھا؟

5۔ ابھایو کے بیٹوں کی کشتی پر کس نے حملہ کر دیا؟

6۔ کشتی اُلٹی تو مگرمچھ نے کیا کیا؟

7۔ اس حادثے کی خبر گاؤں والوں کو کس نے سنائی؟

8۔ خبر سن کر گاؤں والوں کا کیا حال ہوا؟

9۔ مورڑو نے کیا فیصلہ کیا؟

10۔ مورڑو نے کس طرح مگرمچھ کو قابو کیا؟

11۔ مورڑو نے پنجرے سے نکل کر کیا کیا؟

12۔ مورڑو نے زندگی کے باقی دن کیسے گزارے؟

**لسانی سرگرمیاں:**

**سرگرمی نمبر1۔** طلبہ / طالبات کے گروپ بنا کر ہر گروپ کو ایک پیرا گراف کی بلند خوانی کرنے کو کہا جائے اور بعد میں وہ اس پیرا گراف کی تفہیم کرتے ہوئے اپنے الفاظ میں مفہوم پیش کریں۔

**سرگرمی نمبر2۔** درج ذیل الفاظ خوش خط لکھوائیں۔ ابھایو۔ کلاچی۔ مگرمچھ۔ مورڑو۔ ماہی گیر

**سرگرمی نمبر3۔** درج ذیل الفاظ کے جملے بنوائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| پنجرہ | |
| بیل | |
| گاؤں | |
| مجاور | |

| | |
|---|---|
| دکھ | |

**سرگرمی نمبر4:۔** درج ذیل الفاظ کی ضد / متضاد لکھوائیے۔

| الفاظ | متضاد/ضد |
|---|---|
| گاؤں | |
| کمزور | |
| دکھ | |
| لمبے | |
| جلایا | |

**سرگرمی نمبر5:۔** درج ذیل الفاظ کے مترادف لکھوائیں۔

| الفاظ | مترادف |
|---|---|
| مچھلی | |
| بھائی | |
| آگ | |
| کچرا | |
| دکھ | |

**سرگرمی نمبر6:۔** ٹیچر طلبہ / طالبات یہ کہانی کمرہ جماعت میں سنیں۔

**سرگرمی نمبر7:۔** ٹیچر طلبہ / طالبات سے کہیں کہ وہ کہانی کی کتابیں کمرہ جماعت میں لائیں اور اپنی لائبریری قائم کریں۔

**سرگرمی نمبر8:۔** ٹیچر طلبہ / طالبات سے مختصر کہانیاں لکھوائیں۔ ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔

## سرگرمی نمبر1:۔

درج ذیل الفاظ کا املا لکھوایا جائے:

قدیم۔ سمندر۔ مضبوط۔ منظر۔ خشکی

## سرگرمی نمبر2:۔

درج ذیل الفاظ کی ضد / متضاد لکھوائیں

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| بیچنا | |
| صبح | |

| | |
|---|---|
| سزا | |
| باندھنا | |
| دشمن | |

## سرگرمی نمبر3:۔

ٹیچر طلبہ / طالبات سے درج ذیل مختصر سوالوں کے جوابات معلوم کریں۔

1۔ ابھایو کے بیٹوں کو کون نگل گیا؟

2۔ مورڑو کیا کام کرتا تھا؟

3۔ بھائیوں کے مرنے کے بعد مورڑو نے کیا فیصلہ کیا؟

4۔ مورڑو نے پنجرے کے چاروں طرف کیا لگوائیں؟

5۔ مگرمچھ خشکی پر آیا تو مورڑو نے کیا کیا؟

## سرگرمی نمبر4:۔

درست جواب پر یہ (✓) نشان لگوائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| مورڑو قواعد کے لحاظ سے ہے | اسم نکرہ | اسم معرفہ |
| گاؤں قواعد کے لحاظ سے ہے | اسم نکرہ | اسم معاوضہ |
| بیچنا قواعد کے لحاظ سے ہے | فاعل | فعل |
| کم زور قواعد کے لحاظ سے ہے | اسم آلہ | اسم صفت |
| سواری کے کام آتی ہے | کُشتی | کَشتی |

سبق نمبر ۱۵

# سفر ہو رہا ہے (نظم)

نہیں ہو رہا ہے ، مگر ہو رہا ہے
جو دامن تھا ، دامن بدر ہو رہا ہے
کمر بند گردن کے سر ہو رہا ہے
سفینہ کو زیرو زبر ہو رہا ہے

ادھر کا مسافر ادھر ہو رہا ہے
کراچی کی بس میں سفر ہو رہا ہے
چلی تو مسافر اُچھلنے لگے ہیں
جو بیٹھے ہوئے تھے وہ چلنے لگے ہیں

قدم جا کے ٹخنوں سے ٹلنے لگے ہیں
جو کھایا پیا تھا اُگلنے لگے ہیں
تماشا سرِ رہ گزر ہو رہا ہے
کراچی کی بس میں سفر ہو رہا ہے

جو گردن میں کالر تھا، لر رہ گیا ہے
ٹماٹر کے تھیلے میں ٹر رہ گیا ہے
خدا جانے مُرغا کدھر رہ گیا ہے
بغل میں تو بس ایک پر رہ گیا ہے

سفر ہر دم پُر خطر ہو رہا ہے
کراچی کی بس میں سفر ہو رہا ہے

(سید ضمیر جعفری)

حاصلاتِ تعلّم: اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

U1Eb101 کہانی، نظم، مکالمہ، ڈراما، خبر، ہدایت، اعلان اور معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔

| | |
|---|---|
| U1Eb103 | مواد (نظم و نثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجزیاتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔ |
| U3Eb201 | نظم و نثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔ |
| U3Eb202 | نظم و نثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے ساتھ منسلک کر سکیں۔ |
| U4Eb101 | نثر پارے یا نظم کو اپنے انداز میں لکھ سکیں۔ |
| U4Eb106 | نظم اور نثر کی تشریح اور تلخیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجاویز لکھ سکیں۔ |
| U7Eb103 | منفی اور غیر شائستہ باتوں اور طرز عمل پر مناسب رد عمل کا اظہار کر سکیں اور غیر مناسب رویوں سے پیدا ہونے والے مسائل کا حل پیش کر سکیں۔ |
| U4Eb107 | نظم و نثر میں آنے والے الفاظ قافیوں اور ردیفوں پر اپنی پسند اور ناپسند مع وجہ بیان کر سکیں۔ |

## بنیادی تصورات:

1۔ مزاج کی اہمیت
2۔ طنز و مزاح سے آگہی
3۔ انتظامی خرابیوں سے آگہی
4۔ کراچی میں چلنے والی بسوں کی حالت

## تدریسی معاونات:

کتاب، تختہ تحریر، ٹوٹ پھوٹی بسوں، ویگنوں اور منی بسوں کی تصاویر، کراچی کی سڑکوں کی حالت کی تصاویر

## طریقہ تدریس:

## تمہیدی سوالات:

1۔ مزاج کے کیا معنی ہیں؟
2۔ طنز و مزاح کسے کہتے ہیں؟
3۔ اگر آپ کو کوئی مزاحیہ نظم یاد ہے تو سنایئے۔

آج ہم ایک نظم پڑھیں گے جس میں طنز و مزاح پایا جاتا ہے۔ یہ نظم کراچی کی ایک بس کے سفر کے بارے میں ہے۔
کتاب کا صفحہ نمبر ________________ کھولیے۔

## پہلا قدم (مثالی بلند خوانی):

ٹیچر مناسب آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب و لہجے سے نظم کی بلند خوانی کریں۔

## دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):

ٹیچر فرداً فرداً طلبہ / طالبات سے نظم کے مختلف پیراگراف کی بلند خوانی کروائیں۔

## تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں درست کروائیں اور ضرورت ہو تو تختۂ تحریر

پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔

درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

دامن بدر۔ سفینہ۔ ٹلنے۔ ٹخنوں۔ بغل

## چوتھا قدم (تفہیم اشعار):

1۔ نہیں ہو رہا ہے مگر ہو رہا ہے سے کیا مراد ہے؟

2۔ دامن بدر ہونے کا کیا مطلب ہے؟

3۔ سفینہ زیر و زبر ہونے سے کیا مراد ہے؟

4۔ بس چلی تو مسافروں کی کیا حالت تھی؟

5۔ قدم جا کے ٹخنوں سے ٹلنے لگے ہیں سے کیا مراد ہے؟

6۔ جو کھایا پیا تھا اگلنے کا کیا مطلب ہے؟

7۔ آخری بند میں سفر کے دوران کیا واقعات پیش آئے؟

8۔ سفر کو شاعر نے پُر خطر کیوں کہا ہے؟

## لسانی سرگرمیاں:

**سرگرمی نمبر1:۔** طلبہ / طالبات کے گروپ بنا کر نظم اجتماعی طور پر پڑھوایں۔

**سرگرمی نمبر2:۔** ہم وزن الفاظ بنوایئے۔ مگر۔ چلی۔ سر۔ کھایا۔ بس۔ پیا

**سرگرمی نمبر3:۔** خوش خط لکھوایئے۔ گردن۔ ٹماٹر۔ تھیلے۔ مرغا۔ اگلنے

**سرگرمی نمبر4:۔** طلبہ / طالبات سے کہیں کہ وہ ایسی مزاحیہ نظمیں تلاش کر کے لائیں اور اپنی ادبی ڈائری میں لکھیں

**سرگرمی نمبر5:۔** درج ذیل الفاظ کی ضد / متضاد لکھوایئے۔

| الفاظ | متضاد / ضد |
|---|---|
| زیر | |
| نہیں | |
| سر | |
| ادھر | |
| ہنسنا | |

**سرگرمی نمبر6:۔** درج ذیل الفاظ کے جملے بنوائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| گردن | |
| تھیلے | |
| سفر | |
| ٹماٹر | |

| | |
|---|---|
| مرغا | |

**سرگرمی نمبر7:۔** ادارے میں ایک مشاعرے کا اہتمام کریں جس میں طلبہ / طالبات مزاحیہ نظمیں پڑھیں۔

ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔

## سرگرمی نمبر1:۔

درج ذیل الفاظ کا املا لکھوایا جائے:

سفینہ۔ تماشا۔ پُرخطر۔ رہ گزر۔ اُچھلنے

## سرگرمی نمبر2:۔

خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پُر کروایئے۔

1۔ جو دامن تھا ______________ ہو رہا ہے۔

2۔ جو گردن میں کالر تھا______________ رہ گیا ہے۔

3۔ جو بیٹھے ہوئے تھے وہ______________ لگے ہیں۔

4۔ ادھر کا مسافر______________ ہو رہا ہے۔

5۔ تماشا سر______________ جو ہو رہا ہے۔

## سرگرمی نمبر3:۔

درج ذیل بند کو سادہ نثر میں لکھوایئے۔

نہیں ہو رہا ہے ، مگر ہو رہا ہے
جو دامن تھا ، دامن بدر ہو رہا ہے
کمر بند گردن کے سر ہو رہا ہے
سفینہ کو زیرو زبر ہو رہا ہے
سفر ہر دم پُر خطر ہو رہا ہے
کراچی کی بس میں سفر ہو رہا ہے

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

سبق نمبر ۱۶

# دریا کی سیر

حاصلاتِ تعلّم: اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ / طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ:

| | |
|---|---|
| U1Eb101 | کہانی، نظم، مکالمہ، ڈراما، خبر، ہدایت، اعلان اور معلومات سن کر درست ترتیب سے دہراتے ہوئے ان پر اپنی رائے دے سکیں۔ |
| U1Eb103 | مواد (نظم ونثر) سن کر پڑھ کر اس سے متعلق تفہیمی، اطلاقی، تجزیاتی سوالوں کے جواب دے سکیں۔ |
| U3Eb101 | سماجی اور پیشہ ورانہ موضوعات پر مبنی تحریریں پڑھ کر تفہیم و تجزیہ کر سکیں۔ |
| U3Eb102 | مجوزہ عبارت پڑھتے ہوئے اپنے روزمرہ زندگی کے مشاہدات و تجربات کی روشنی میں سمجھ سکیں۔ |
| U3Eb201 | نظم ونثر پڑھتے وقت عبارت کو متعلقہ تصاویر کے ساتھ سمجھ سکیں۔ |
| U3Eb202 | نظم ونثر پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے ساتھ منسلک کر سکیں۔ |
| U4Eb101 | نثر پارے یا نظم کو اپنے انداز میں لکھ سکیں۔ |
| U4Eb104 | کسی بھی عام متن پر سوالات کے جوابات تحریر کر سکیں۔ |
| U4Eb106 | نظم اور نثر کی تشریح اور تلخیص لکھتے ہوئے اپنی رائے مع تجاویز لکھ سکیں۔ |
| U7Eb105 | کسی محکمے میں نوکری کے لئے اپنے کوائف مع درخواست لکھ کر بھیج سکیں۔ |
| U7Eb106 | اردو زبان میں ای میل، موبائل پیغام رسانی ٹیبلٹ پر اپنے پسندیدہ پروگرام اور ضروری تعلیمی و سماجی ویب سائٹ سے استفادہ کر سکیں۔ |

**بنیادی تصورات:**

1۔ سیر و تفریح کی اہمیت
2۔ معلومات میں اضافہ
3۔ دریائے سندھ کی سیر
4۔ کوٹری بیراج کی اہمیت
5۔ سندھ کی مشہور سوغات

**تدریسی معاونات:**

کتاب، تختۂ تحریر، کوٹری بیراج کی تصویر، دریا میں کشتی کی سیر، پلا مچھلی کا فوٹو

**طریقہ تدریس:**

**تمہیدی سوالات:**

1۔ آپ نے کہاں کہاں کی سیر کی ہے؟
2۔ سیر سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

3۔ آپ کس کے ساتھ سیر کرنے گئے تھے؟

آج ہم ایک سبق پڑھیں گے جس میں دریا کی سیر کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

کتاب کا صفحہ نمبر ________________ کھولیے۔

**پہلا قدم (مثال بلند خوانی):**

ٹیچر مناسب آواز صحیح تلفظ اور مناسب لب و لہجے سے سبق کی بلند خوانی کریں۔

**دوسرا قدم (انفرادی بلند خوانی):**

ٹیچر فرداً فرداً طلبہ / طالبات سے سبق کے مختلف پیراگراف کی بلند خوانی کروائیں۔

**تیسرا قدم (اصلاحِ تلفظ):**

بلند خوانی کے دوران طلبہ / طالبات جن الفاظ کے تلفظ غلط ادا کریں اُنہیں درست کروائیں اور ضرورت ہو تو تختۂ تحریر پر لکھیں اور ان پر درست اعراب لگا کر طلبہ / طالبات کا تلفظ درست کروائیں۔

درج ذیل الفاظ کا تلفظ درست کروایا جائے۔

بیراج۔ سیر۔ اعلان۔ خوشی۔ انتظام۔ سوغات

**چوتھا قدم (تفہیم عبارت):**

1۔ ماسٹر صاحب نے کہاں کی سیر کا اعلان کیا؟

2۔ اعلان سن کر بچوں کی کیا کیفیت تھی؟

3۔ دوسرے دو بجے کس وقت سکول پہنچے؟

4۔ اتنا بڑا پُل دیکھ کر بچوں کو کیا ہوا؟

5۔ دریا کے دوسری طرف کیا تھا؟

6۔ بچوں نے دریا کی سیر کس سواری میں کی؟

7۔ پُل میں گیٹ کس لئے لگائے گئے تھے؟

8۔ بیراج کسے کہتے ہیں؟

9۔ کوٹری بیراج میں کتنے گیٹ ہیں؟

10۔ بچوں نے کھانا کہاں کھایا؟

11۔ بچوں نے کون سی مچھلی کھائی؟

12۔ بیراج کی روشنیاں کیسا منظر پیش کرتی ہیں؟

**لسانی سرگرمیاں:**

**سرگرمی نمبر 1۔** طلبہ / طالبات کے گروپ بنا کر ہر گروپ کو ایک پیراگراف کی بلند خوانی کرنے کو کہا جائے اور بعد میں وہ اس پیراگراف کی تفہیم کرتے ہوئے اپنے الفاظ میں مفہوم پیش کریں۔

**سرگرمی نمبر 2۔** درج ذیل الفاظ خوش خط لکھوائیں۔

بیراج۔ پلا مچھلی۔ روشنیاں۔ المنظر۔ کشتی

**سرگرمی نمبر 3۔** ”میں نے بازار میں کیا دیکھا؟“ اس موضوع پر مختصر مضمون لکھوایئے۔

**سرگرمی نمبر 4۔** طلبہ / طالبات سے کسی بھی سفر کا حال لکھوایئے۔

**سرگرمی نمبر5:۔** کمرہ جماعت میں معلومات عامہ کا مقابلہ کروائیے۔

**سرگرمی نمبر6:۔** درج ذیل الفاظ کے جمع بنوائیے۔روشنی۔کشتی۔مچھلی۔کرسی۔چھتری

**سرگرمی نمبر7:۔** درج ذیل غلط جملوں کو طلبہ / طالبات سے درست کروائیے۔

1۔ کشتی میں پانی چلتا ہے۔

---

2۔ مچھلی پانی میں تیرتا ہے۔

---

3۔ کرسی کمرے میں رکھا ہوا ہے۔

---

4۔ چھتری دیوار پر ٹنگا ہوا ہے۔

---

5۔ لڑکا گیند سے کھیل رہی ہے۔

---

**سرگرمی نمبر8:۔** طلبہ / طالبات سے درج ذیل الفاظ کی لغت کی ترتیب سے لکھوائیے۔

سیر۔المنظر۔کشتی۔بیراج۔گیٹ۔پانی۔روشنیاں۔ہوٹل۔مچھلی۔دریا

ٹیچر جائزے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔

## سرگرمی نمبر1:۔

درج ذیل الفاظ کا املا لکھوایا جائے: بیراج۔روشنیاں۔پلا۔سوغات۔نہریں

## سرگرمی نمبر2:۔

درج ذیل الفاظ کی ضد / متضاد لکھوائیں

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| قدیم | |
| دیر | |
| شام | |
| ہنسنا | |
| دور | |

## سرگرمی نمبر3:۔

درست جواب پر یہ (✓) نشان لگوائیے۔

1۔ دریا کا پانی روکا جاتا ہے۔

(الف) نہر (ب) پائپ لائن (ج) بیراج (د) پل

2۔ المنظر نام ہے۔

(الف) بیراج کا (ب) مچھلی کا (ج) ہوٹل کا (د) پل کا

3۔ سندھ کی قدیم سوغات ہے۔

(الف) کوٹری بیراج (ب) پلا مچھلی (ج) قلعہ حیدر آباد (د) ربڑی

4۔ بیراج کے ذریعہ رخ بدلا جاسکتا ہے۔

(الف) آبشار کا (ب) چشمے کا (ج) دریا کا (د) جھیل کا

5۔ بیراج کی روشنیاں تھیں۔

(الف) دھندلی (ب) بدصورت (ج) تیز (د) خوب صورت

# فرہنگ

## حمد

حمد۔ اللہ کی تعریف
پورب۔ مشرق
چمن۔ باغ
پاٹ۔ چوڑائی
صدائیں۔ آوازیں
داتا۔ دینے والا
مولا۔ آقا

## رواداری

عدم برداشت۔ برداشت نہ ہونا
خود غرضی۔ اپنی اپنی فکر
نفسا نفسی۔ اپنی غرض اور مطلب سے کام رکھنا
رواداری۔ خیر خواہی
بدزبانی۔ گالیاں بکنا، گستاخی، بدکلامی
مزاج پرسی۔ طبیعت کا حال پوچھنا
سیرت۔ عادت، خصلت، خوبی
حقوق۔ حق کی جمع۔ سچ

## نعت

حبیب۔ دوست
مقتدی۔ کسی کی پیروی کرنے والا
تمام۔ کُل سب۔ ختم
دم بھرنا۔ ہر وقت کسی کو یاد کرنا
کافر۔ خدا کا انکار کرنے والا
نعمت۔ عطا۔ بخشش۔ عطیہ مال و دولت
عظمت۔ بڑائی
شوکت۔ شان، مرتبہ، امیری
کنول۔ گل نیلوفر، دل کا خوش ہونا

## قومی پرچم

پرچم۔ جھنڈا
اعزاز۔ عزت مرتبہ، توقیر
مساوات۔ برابری
حقوق۔ حق کی جمع، سچ
محافظ۔ حفاظت کرنے والا
اقلیت۔ تعداد میں کم ہونا
ہلال۔ پہلی تاریخ کا چاند
توہین۔ بے ادبی
وقار۔ عزت
خود مختاری۔ آزادی، اختیار رکھنا
سالمیت۔ تحفیظ
دفاع۔ بچاؤ، تحفظ
دستوریہ۔ ملکی قانون بنانے والی جماعت

## سندھ کی تاریخی عمارتیں

مقامات۔ مقام کی جمع، جگہیں
قدیم۔ پرانا
پختہ۔ پکا، پکی
قابل دید۔ دیکھنے کے قابل
عرس۔ بزرگوں کی سالانہ فاتحہ، مجلس جو تاریخ وفات پر ہوتی ہے۔
دفاتر۔ دفتر کی جمع، ادارے
وزارت خارجہ۔ وہ محکمہ وزارت جو بیرونی ممالک کے معاملات دیکھے
محکمہ آثار قدیمہ۔ پرانی عمارتوں کی دیکھ بھال کرنے والا ادارہ

## بجلی کی آپ بیتی

آپ بیتی۔ اپنی سرگزشت سنانا
برق سکونی۔ رگڑ سے پیدا ہونے والی بجلی
جنریٹر۔ برقی توانائی پیدا کرنے والا آلہ

کشش۔ کھنچاؤ، جذب

شرارے۔ چنگاریاں

جزو۔ حصہ

توانائی۔ طاقت، قوت

## بارش کا پہلا قطرہ

گھنگھور۔ دور تک چھائے ہوئے سیاہ بادل

دلاور۔ بہادر

محیط۔ گھیرے ہوئے، احاطہ کیے ہوئے

شناور۔ جاننے والا

للکارنا۔ چیلنج دینا

موسلا دھار۔ شدت اور زور کی بارش

تار بندھنا۔ بارش کا مسلسل ہونا

بیاباں۔ ویرانہ

چمن۔ باغ

خیاباں۔ باغ

قحط۔ کال، غذائی قلت، کسی چیز کا ناپید ہونا

سیراب۔ پانی سے پُر

پامال۔ روندا ہوا، پاؤں سے کچلا ہوا

خلقت۔ انسان

نہال۔ پودا، درخت، خوش و خرم

## تن درستی ہزار نعمت ہے

تھرمامیٹر۔ بخار دیکھنے والا آلہ

پرہیز۔ بچنا، دور رہنا، اجتناب

متوازن غذا۔ جس میں غذا کے تمام اجزا

کرونا۔ ایک وبائی مرض

ڈینگی بخار۔ ایک وبائی مرض

معائنہ۔ مشاہدہ، جانچ پڑتال

وائرس۔ زہریلا مادہ

## قومی اور علاقائی رسم و رواج

تہذیب۔ رہن سہن، کلچر،

نمایاں۔ واضح، صاف

طرزِ تعمیر۔ عمارت بنانے کا انداز

عرس۔ بزرگوں کی سالانہ فاتحہ کی مجلس جو تاریخ وفات پر ہوتی ہے

قوالی۔ حقانی اور صوفیانہ کلام گانا

زائرین۔ زیارت کے لئے آنے والے لوگ

عقیقہ۔ ایک اسلامی رسم

تلقین کرنا۔ سمجھانا، نصیحت کرنا

مرحوم۔ رحم کیا گیا، بخشا گیا

مغفرت۔ گناہ کی بخشش

فضول۔ بیکار

## ایک ہے سب کی منزل

سبز۔ ہرا

ہلالی۔ جس پر پہلی تاریخ کا چاند بنا ہو

جگ۔ دُنیا

راہ گزر۔ گزرنے کا راستہ

ضو۔ چاندنی، چاند کی روشنی

بندھن۔ تعلق، رشتہ، باندھنا

دیپ۔ چراغ، دیا

رخ پھیرنا۔ منہ دوسری طرف کرنا، ناراض ہونا، پیٹھ دکھانا

سلامت۔ زندگی کی دعا،

## کرکٹ

مقبول۔ پسندیدہ

انٹرنیشنل۔ بین الاقوامی، قوموں کے درمیان

صدی۔ سو سال کا عرصہ

محدود۔ کم، مختصر

ایمپائر۔ فیصلہ دینے والا

ٹاس۔ سکہ اچھال کر فیصلہ کرنا

نام پیدا کر۔ شہرت حاصل کرنا

باؤلر۔ گیند پھینکنے والا

بلے باز۔ بلے سے کھیلنے والا

کپتان۔ ٹیم کا قائد

## قدرتی آفات

آفات۔ آفت کی جمع، مصیبت

قہر۔ غضب

زلزلہ۔ بھونچال، لرزہ

آتش فشاں۔ آگ برسانے والا

کان کنی۔ کان کھودنا

ژالہ باری۔ اولے گرنا

ڈینگی بخار۔ ایک وبائی مرض

صنعت و حرفت۔ کارخانے

بگولے۔ تیز ہوا کے ساتھ ریت کا اڑنا

آندھی۔ ہوا کا بہت تیز چلنا

سماجی۔ معاشرتی

## میر معصوم شاہ بکھری

نیکی۔ بھلائی

حکمت۔ دانائی

قدیم۔ پرانے

حاکم۔ حکومت کرنے والا

دین دار۔ دینی

علماء۔ عالم کی جمع

لشکر۔ فوج

فتح۔ کام یابی

فتوحات۔ فتح کی جمع

مسافر خانہ۔ مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ

## مورڑو اور مگرمچھ

کُلاچی۔ کراچی کا پرانا نام

ماہی گیر۔ مچھلی پکڑنے والا

خوں خوار۔ خون پینے والا

گڑنا۔ چبھنا

دامن۔ قمیض کا وہ حصہ جو نیچے لٹکتا ہے۔ پہاڑ کے نیچے کا میدان

مجاور۔ قبر یا بازار کی دیکھ بھال کرنے والا

## سفر ہو رہا ہے

دامن بدر ہونا۔ قمیض کا وہ حصہ جو نیچے لٹکتا ہے، اس کا غائب ہونا

کمربند۔ ازار بند، ناڑا

سفینہ۔ کشتی، پانی کا جہاز

زیروزبر۔ نیچے اُوپر

ٹخنا۔ گٹا، ایڑی اور پنڈلی کے جوڑ پر اٹھی ہوئی ہڈی

ٹلنا۔ جگہ سے ہٹنا

## دریا کی سیر

پُل۔ دریا پار کرنے کا راستہ

بیراج۔ پھاٹک کی مدد سے دریا کا پانی روکنا

سوغات۔ تحفہ

کشتی۔ پانی میں چلنے والی ایک سواری

گیٹ۔ پھاٹک

# قومی ترانہ

پاک سَرزمین شاد باد  کِشورِ حَسِین شاد باد
تُو نِشانِ عزمِ عالی شان  ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد

پاک سَرزمین کا نِظام  قُوّتِ اُخُوّتِ عوام
قوم ، مُلک ، سلطنت  پایندہ تابندہ باد
شاد باد منزلِ مُراد

پَرچمِ ستارہ و ہِلال  رہبرِ ترقّی و کمال
ترجمانِ ماضی، شانِ حال  جانِ اِستقبال
سایۂ خدائے ذُوالجلال